مسئلہ نور پر بہترین تحقیق

نور الانوار

مع ترجمہ

تنویر الابصار

تصنیف : مولانا میاں عبدالحق صاحب غورغشتوی

ترجمہ : محمد عبد الحکیم شرف مدنی لاہوری

مرکز جمعیت علماء سرحد ، پاکستان

دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ ، ہری پور ، ہزارہ

قیمت قسم اول ۷۵ پیسے — عام ایڈیشن ۶۰ پیسے

اشاعت نمبر

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ (الآیۃ)

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِیْ (الحدیث)

جن کی آمد مِنَ اللّٰہِ نُوْرٌ میں ہے — نورِ اول کی طلعت پہ لاکھوں سلام

نُورُ الانوار (عربی)

فی بیانِ نورِ سیدِ الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مع ترجمہ

تنویرُ الابصار ۝ بذکرِ نورِ احمدِ المختار ۝

تصنیف استاذ العلماء حضرت مولانا میاں عبد الحق صاحب غورغشتوی مدظلہ العالی

ترجمہ از قلم محمد عبد الحکیم شرف لاہوری

جمعیت علماء حدیث پاکستان دار العلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور ہزارہ

کتبہ سید شاہ عبد العزیز محبوب آبادی

حرفِ اوّل

الحمد للہ کہ جمعیت علمائے سرحد پاکستان نے ایک سال کے مختصر عرصہ میں بفضلہ تعالیٰ نمایاں کامیابی حاصل کی ہے بیشمار مشکلات کے باوجود سات رسالے قدر دان ہاتھوں تک پہنچ چکے ہیں (۱) فضائل اذکار ختم غوثیہ شریف کی نفیس تحقیق (۲) الحجۃ الفاتحہ ایصالِ ثواب کیلئے دن مقرر کرنے پر بحث (۳) اتیان الارواح "روحیں مختلف دنوں میں اپنے گھر آکر صدقات وخیرات کا مطالبہ کرتی ہیں (۴) "بذل الجوائز" نمازِ جنازہ کے بعد دعا کرنے کی فقہی تحقیق وتدقیق (۵) جنازہ کے بعد دعا سے متعلق حدیثی تحقیق" (۶) "جنازہ کے ساتھ بلند آواز سے ذکر" پر بہترین ریسرچ۔ (۷) "غایۃ الاحتیاط فی جواز حیلۃ الاسقاط" حیلہ اسقاط پر مفصل کلام

اس تمام کامیابی کا انحصار جمعیت کے جملہ اراکین کے بھرپور خلوص اور بلند عزائم پہ ہے بالخصوص حضرت خواجہ محمود الرحمٰن صاحب سجادہ نشین چھوہر شریف حضرت خواجہ فضل الرحمٰن صاحب سرپرستان جمعیت حضرت مولانا صاحبزادہ طیب الرحمان صاحب صدرِ جمعیت وجنرل سیکرٹری دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور مولانا عطا محمد صاحب نائب ناظم جمعیت صاحبزادہ سید محمد شاہ صاحب (گنجہ شریف) نائب صدر اور مولانا عبدالمالک صاحب ناظم نشر واشاعت کی خصوصی توجہات ان تھک کوششوں کو بہت بڑا دخل ہے۔ تمام اراکین بجا طور پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔

خصوصاً جناب عبدالرحمٰن صاحب ہزارہ سوپ فیکٹری والے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے "بذل الجوائز" کی اشاعت میں خصوصی تعاون کیا ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو دینِ اسلام کا مزید درد اور توفیقِ عمل عطا فرمائے۔ آمین

محمد عبدالحکیم شرف لاہوری ناظم جمعیت علمائے سرحد پاکستان ہری پور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند!

غوثِ زماں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی قدس سرہ العزیز

ویسے تو اہل دل کو پہچاننا ہر کس وناکس کا کام نہیں ہوتا کیونکہ ان کے ہاں نہ تو تخت وتاج ضروری ہوتا ہے نہ جاہ وحشم۔ ان کے نزدیک نہ تو مال ودولت کی کچھ وقعت ہوتی ہے اور نہ بلند وبالا پختہ عمارتوں کی۔ وہ صف بستہ سرقد غلاموں اور تنخواہ دار دربانوں سے قطعاً بے نیاز ہوتے ہیں۔ کیونکہ خلقِ خدا کے ساتھ ان کے تعلقات رسمی اور ظاہری نہیں بلکہ حقیقی اور باطنی ہوا کرتے ہیں ان کے تعلقات تصنع اور بناوٹ کے پردوں سے یکسر عاری ہوتے ہیں عام لوگوں کی طرح وہ رؤسا اور سلاطین کے سامنے جھکنا نہیں جانتے بلکہ بادشاہ ان کے دربار کی حاضری کو سعادت تصور کیا کرتے ہیں۔ سچ ہے ؎

فقر شاہوں کا شاہ اور فقر ہے میروں کا میر

تاہم ان حضرات کو اخلاق وکردار کی بلندی سے پہچاننا کچھ مشکل نہیں ہوتا وہ اپنے پاکیزہ اخلاق ہی سے مخلوقِ خدا کو اپنا گرویدہ بنا لیتے ہیں۔ دینِ متین کی خدمت سے متعلق کارہائے نمایاں سے بھی ان کی شناخت کی جا سکتی ہے۔ یہ لوگ کبھی مساجد کی تعمیر میں مصروف ہوتے ہیں تو کبھی دینی مدارس کی بنیادیں اٹھا رہے ہیں تاکہ لوگ دینِ اسلام کے ان مرکزوں سے فیضیاب ہو کر خود راہِ راست سے آشنا ہوں اور دوسروں کی ہدایت کا سامان بنیں۔ شریعت مقدسہ کی اتباع اس قدر غالب ہوتی ہے کہ نبی عربی آقائے مدنی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی سے سرِمو انحراف کے لئے تیار نہیں ہوتے دین ومذہب سے بے پناہ لگاؤ کے پیچھے کارفرما قوت محبتِ خدا!

سرورِ ہر دو سرا صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وُہ محبت والفت ہوتی ہے جو ان کے دلوں میں جاگزیں ہو چکی ہوتی ہے اسی لئے تو وُہ روز و شب لوگوں کو اس محبت سے آشنا کرتے رہتے ہیں۔ یہی انکا مقصدِ زیست ہوتا ہے اور یہی سرمایۂ حیات۔

غوثِ زماں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمہ اللہ تعالےٰ میں یہ تمام صفات بدرجہ اتم پائی جاتی تھیں۔ اسی لئے باوجودیکہ آپ کو پردہ فرمائے عرصہ گذر چکا ہے مغربی پاکستان تو کجا مشرقی پاکستان کے بے شمار لوگوں کی محبت وعقیدت کا آپ مرکز ہیں۔ اور اب بھی ہزاروں لوگ آپ کے جود و کرم سے فیض یاب ہو رہے ہیں

آپ نسب کے لحاظ سے علوی مشرب کے لحاظ سے قادری اور مسلک کے اعتبار سے سنی حنفی تھے۔ آپ کی ولادت باسعادت ہری پور کے شمال مغرب میں ایک میل سے کچھ کم فاصلے پر واقع دیہات چھوہر شریف میں تقریباً ۱۲۶۲ھ میں ہوئی۔

آپ کے والد ماجد حضرت سید المحبین رئیس الاصفیاء پیکرِ زہد و مجد حضرت خواجہ شیخ فقیر محمد المعروف بہ خواجہ خضری رحمہ اللہ تعالیٰ نہایت متقی پرہیزگار اور صاحبِ کرامت بزرگ تھے جوانی کا عالم تھا آپ رات کے وقت محبت ومعرفت کے کچھ اشعار پُردرد اور پرسوز آواز میں پڑھ رہے تھے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک شخص بزرگ صورت اور نیک سیرت بہترین لباس پہنے ہوئے آپ کے سامنے جلوہ فرما ہیں انہوں نے فرمائش کی کہ کچھ اشعار سنائیں آپ نے حکم کی تعمیل کی تو وہ بزرگ فرمانے لگے مجھے پہچانتے ہو؟ عرض کی میں آپ کو پہچان نہیں سکا۔ انہوں نے فرمایا میں خضر ہوں۔ تمہاری خوش آوازی کو سُن کر تمہارے پاس آیا ہوں آئندہ بھی آیا کروں گا۔ چنانچہ حضرت خضر کی آمد و رفت شروع ہو گئی اور ان کی توجہ اور شفقت سے آپ ولایت کے بلند مدارج پر فائز ہو گئے اسی لئے آپ کا لقب خواجہ خضری مشہور ہو گیا۔ اور پھر حضرت خضر ہی کے ارشاد کے مطابق آپنے اپنے شیخِ طریقت پیرِ ہدایت حضرت شیخ محمد انور شاہ صاحب گنجھروی مظفر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہو گئے حضرت خواجہ خضری صبح شام جب اپنے پیر و مرشد کے ساتھ سیر کے لئے جاتے تو حضرت شیخ المشائخ شیخ محمد انور شاہ صاحب آپ کے ساتھ ساتھ چلتے آگے نہ چلتے تھے کسی مُرید نے اس کی وجہ دریافت کی تو آپ نے فرمایا کہ یہ درویش اس وقت کا غوثِ اعظم ہے اس لئے میں ان کے آگے نہیں چلتا اور چونکہ خوش قسمتی سے میں ان کا پیر بن گیا ہوں اس لئے یہ ادباً مجھ سے آگے نہیں چلتے۔

ابھی حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی قدس سرہٗ کی عمر شریف آٹھ سال ہی تھی کہ والد مکرم حضرت خواجہ خضری کا ظاہری سایہ آپ کے سر سے اُٹھ گیا اسی بچپن اور ارجمندی کے دور میں آپ کو ایک عجیب چلّہ طے کرنے کا خیال پیدا ہوا جس کا مقصد جسمانی کدورتوں اور آلائشوں کی تطہیر تھی چنانچہ آپ اپنے مکان میں گوشہ نشین ہو کر اوراد و وظائف میں مشغول ہو گئے۔ کھانا پینا بند تھا ہر روز آپ خون کی قے کرتے جب جسمانی کدورتوں کا صفایا ہو گیا تو آپ کو قے میں پانی آنا شروع ہو گیا۔ یوں چلّہ پایۂ تکمیل کو پہنچا اور آپ کے دل و دماغ کو لطافت و نورانیت حاصل ہو گئی۔

ان دنوں حضرت اخون صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کا چرچا تھا آپ کے دل میں رہبرِ کامل کی تلاش کے شوق نے انگڑائی لی چنانچہ آپ اپنے چند رفقا سمیت حضرت اخون صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے دربارِ عالی میں سیدو شریف (سوات) حاضر ہوئے وہاں خلق کا بے پناہ ہجوم تھا۔ بڑے بڑے پٹھان ایک نظرِ دیدار کی کوشش کرتے مگر ناکام رہتے اس صورت حال کو دیکھ کر آپ کے رفقاء نے گذارش کی کہ ہمارے لئے حضرت کی زیارت بہت مشکل ہے اس لئے یہی بہتر ہے کہ واپس چلیں اسی پس و پیش میں رات گذر گئی۔ صبح کے وقت احباب نے واپسی کے لئے گذارش کی آپ نے فرمایا ہمیں کچھ انتظار کرنا چاہیئے کیونکہ حضرت اخوند صاحب چاشت کے وقت اپنی مسجد کی سیڑھی پر تشریف فرما ہوتے ہیں اور مشتاقانِ زیارت کو دیدار کرتے ہیں۔ نزدیک سے نہ سہی چلو دُور ہی سے

ایک نظر زیارت کرلیں گے۔ ادھر خادم نے حضرت اخوند صاحب کا دروازہ کھٹکھٹایا
تو آپ نے فرمایا کہ ان لوگوں میں ضلع ہزارہ کا ایک آدمی ہے اسے بلا لاؤ۔ خادم
خدام نے اعلان کیا کہ ہزارہ کا کوئی آدمی ہو تو آگے آجائے حضرت نے انہیں یاد
فرمایا ہے۔ آپ کے ساتھیوں نے عرض کی کہ آپ فرما دیں میں ضلع ہزارہ کا باشندہ
ہوں ملاقات اور زیارت کا یہ بہت اچھا موقع ہے آپنے فرمایا ضلع ہزارہ کے
یہاں بہت آدمی ہوں گے ہم کس شمار میں ہیں کہ حضرت اخوند صاحب نے ہمیں
یاد فرمایا ہو چنانچہ آپ خاموش رہے لیکن حضرت اخوند صاحب کے خادم
نے آپ کو تلاش کر ہی لیا جب خادم آپ کو حضرت اخوند صاحب کے دربار
میں لے گئے تو حضرت اخوند صاحب نے پشتو میں تین دفعہ فرمایا
دغہ دے یہی وہ شخص ہے جس کی مجھے تلاش تھی حضرت اخوند صاحب
نے فرمایا دعا کریں حضرت خواجہ صاحب نے ہاتھ اٹھائے تو اس قدر بوجھ
محسوس ہوا کہ گویا ساتوں آسمان اوپر رکھ دیئے گئے ہیں اور جب دعا سے
فارغ ہوئے تو وہ بوجھ فرحت و انبساط میں تبدیل ہو گیا سچ ہے ؎

یک زمانہ صحبتِ با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

حضرت اخوند صاحب نے آپ سے پوچھا کہ رات کو خواب میں کچھ دیکھا ؟
عرض کیا وہ جگہ دیکھی ہے جہاں چلہ کیا کرتا ہوں آپ نے فرمایا وہیں رہیں
آپ کے پیر و مرشد وہیں آکر بیعت فرمالیں گے۔ نیز اخوند صاحب نے فرمایا
آئندہ ایسا چلہ نہ کریں اگر موت واقع ہو جاتی تو اس کا کون ذمہ دار ہوتا
چنانچہ آپ واپس تشریف لے آئے کچھ دنوں بعد گولڑہ شریف خواجہ حضرت
فضل الدین صاحب قدس سرہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا حضرت
اخوند صاحب کے فرمان پر اعتبار نہیں آیا کہ آپ کا مرشد خود آپ کے گھر آکر
بیعت کرلے گا۔ آپ نے فرمایا حضرت میں آپ کی زیارت کے لئے حاضر ہوا
ہوں اور بس ! چنانچہ آپ واپس تشریف لاکر یاد حق میں مصروف ہو گئے

کچھ دنوں بعد بادشاہِ ولایت مرشدِ برحق حضرت شیخ یعقوب شاہ صاحب
گنجھوری قدس سرہ کشمیر سے تشریف لاکر رونق افروز ہزارہ ہوئے اور خان
پور شریف تشریف لاکر دریافت فرمایا کہ یہاں کوئی بچہ عبدالرحمٰن نامی ہے؟
لوگ آپ کو حضرت خواجہ چھوہروی قدس سرہٗ کے عبادت خانہ میں لے گئے آپ
نے حضرت شاہ صاحب کا پرتپاک استقبال کیا اور یہیں حضرت شاہ صاحب کے
دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے۔ حضرت شاہ صاحب نے بیعت کے
بعد آپ کو خصوصی توجہات اور عنایات سے نوازا اور یوں ایک کامل پیر اور
مرید کا کبھی نہ ٹوٹنے والا تعلق استوار ہو گیا۔

آپ نے سوائے قرآن مجید پڑھنے کے باقی علوم حاصل کرنے کے لئے کسی کے
سامنے زانوئے تلمذ تہ نہیں کیا لکھنے کا طریقہ اور تمام علوم اللہ تعالیٰ نے آپکو
عطا فرما دیئے نہ صرف علوم ظاہری بلکہ علوم باطنی اور علم معرفت سے نوازا اور بچپن
میں ہی مرتبہ ولایت پر بھی فائز فرما دیا۔

حلیہ مُبارک

آپ کا قد مبارک درمیانہ چہرہ خوبصورت ، گندم گوں ۔ ملاحت
آمیز اور دلکش تھا گینے سے پاک سینہ وسیع اور مضبوط
آنکھیں خوبصورت اور مست تھیں ان میں بلا کا خمار تھا۔ لال ڈورے تو اور بھی حسن
و دلکشی میں اضافے کا باعث تھے۔ ڈاڑھی گنجان ، سفید اور بے حد حسین تھی

عادات واطوار

آپ کی زندگی سادگی سے بھرپور تھی رہائش کے مکان
کچے تھے اور وہ بھی اس حالت میں کہ بارش ہوتی تو باہر
پانی کم اور مکان کے اندر زیادہ ہوتا۔ اہل خانہ رات کو آرام کر رہے ہوتے
اور آپ پانی نکالنے میں مصروف ہوتے آپ کا لباس بھی نہایت سادہ ہوتا
اکثر موٹا کھدر استعمال فرماتے۔ علماء و فقراء کی بے حد تعظیم کیا کرتے
تھے جب کوئی اہل علم یا صاحب فقر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا آپ
تعظیماً اٹھ کھڑے ہوتے اور بے حد محبت و عزت سے پیش آتے۔ خلق خدا کی

ملاقات کے لئے آپ کا دروازہ ہر وقت کھلا ہوتا۔ کھانے پینے کے لئے جو کچھ مہمانوں اور مسافروں کو پیش کرتے وہی خود تناول فرماتے کھانے پینے کی چیزیں خود گھر سے اٹھا کر لاتے اور مہمانوں کو خود کھلاتے۔

طلبہ کے بارے میں بہت ہی خیال رکھتے تھے خود ان کی خدمت کرنے میں عار محسوس نہ فرماتے یہ خود ان کی بلندی اور عظمت کی دلیل تھی۔ ایک دفعہ رات کو بارش ہو رہی تھی چھوہر شریف سے طلباء کا کھانا لیکر خود مدرسے کیطرف (جو کہ چھوہر شریف سے ایک میل سے کچھ کم فاصلے پر واقع ہے) تشریف لا رہے تھے کہ راستے میں ایک نالے پر سے آپ کا پاؤں پھسل گیا۔ کپڑے پانی سے تر ہوگئے روٹیوں اور ترکاری کی حالت بھی عجیب تھی آپ اسی حالت میں واپس آئے اور کھانا پھر تیار کروایا ایسے حالات میں آپ کو اپنی تکلیف کا خیال نہ تھا احساس تھا تو صرف اس بات کا کہ طلباء کو بھوک ستا رہی ہوگی اور وہ منتظر ہوں گے۔ اسے کہتے ہیں تصوف اور صوفیت حضرت شیخ سعدی قدس سرہ فرماتے ہیں:-

تصوف بجز خدمتِ خلق نیست — بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

حُبِّ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: آپ کے تمام کمالات کا منبع اور سرچشمہ محبوب خدا سرور ہر دو سرا رحمت عالم نور مجسم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وہ محبت تھی جو آپ کے دل و دماغ میں جاگزیں تھی بلکہ آپ کے رگ و پے میں سرایت کر چکی تھی آپ کے شب و روز یاد حبیب میں بسر ہوتے مریدین اور متعلقین کو بھی یہی بتایا جاتا کہ آقا و مولا مدنی تاجدار احمد مختار صلے اللہ علیہ وسلم، کی محبت اور تعظیم ہی سرمایۂ حیات ہے اور آپ کی محبت ہی دین و ایمان کی جان ہے حضور پُر نور شافع یوم النشور کی محبت جتنی زیادہ ہوگی اللہ تعالیٰ پر ایمان اتنا ہی پختہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری اور اطاعت کا جذبہ اتنا ہی فزوں ہوگا

تصنیفات: باوجود اس کے کہ آپ نے علوم ظاہریہ کسی سے حاصل نہیں کئے تھے لیکن خداداد علم لدنی کی بنا پر آپنے بعض نہایت اہم کتب بھی تصنیف فرمائیں چند ایک کے نام ملاحظہ ہوں:-

(۱) صلوٰۃ الکبریٰ شریف المعروف درود ہزارہ۔
(۲) صلوٰۃ العظمیٰ شریف عربی۔
(۳) سیاف شرح چہل کاف شریف پنجابی اشعار میں۔
(۴) شرح اسماء حسنیٰ شریف
(۵) شرح جامع ترمذی شریف۔
(۶) شرح ابن ماجہ (اس میں آپنے ابن ماجہ کی اصلاح فرمائی ہے اور براہِ راست عن عبدالرحمٰن عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم روایت کی ہے)
(۷) شیخ المشائخ حضرت خواجہ گل محمد شاہ کنگال کے پنجابی اشعار کا عربی اور فارسی شعروں میں ترجمہ
(۸) آپ کی مشہور ترین کتاب مجیر عقول الفحول فی بیان اوصاف عقل العقول

المعروف بہ **مجموعہ صلوٰۃ الرسول ﷺ شریف**

اس کے تیس پارے ہیں ہر پارہ قرآن مجید کے پاروں سے بہت بڑا ہے یہ کتاب تین ضخیم جلدوں میں چھپ چکی ہے اور دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ سے ملتی ہے اسے آپ نے بارہ سال آٹھ ماہ اور بیس دن میں پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

کتاب کیا ہے محبت و عرفان کا دریا موجزن ہے علم و فضل کا بحر ناپیدا کنار ہے حقائق و معارف کا سرچشمہ اور کیف و سرور کا منبع ہے عبارت نہایت سلیس اور شگفتہ ہے قرآن و حدیث کے بے شمار اقتباسات نے اور بھی چار چاند لگا دیئے ہیں مشکل کشائی اور حاجت برآری کیلئے اس کا ختم شریف بے حد مفید ہے۔ جہاں علماء عظام کے لئے اس کا مطالعہ وسعت معلومات کا ذریعہ ہے وہاں اس کا ورد صوفیائے کرام کیلئے فراوانیٔ کیفیات اور بلندیٔ درجات کا سامان ہے چونکہ آپ کو شہرت سے بہت زیادہ نفرت تھی اس لئے یہ عظیم کتاب آپ کی حیات مبارکہ میں شائع نہ ہو سکی آپ کے فرمان کے مطابق بعد

اتو وصال چھپ کر اہل دل کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنی ۔ وہ زندگی کتنی پاکیزہ اور مقدس
ہوگی جس کے شب و روز سراپا حسن وخوبی اور پیکر جمال صلے اللہ علیہ وسلم پر
صلوٰۃ وسلام بھیجنے میں صرف ہوتے ہوں گے۔

صلوٰۃ الرسول شریف کا ہر پارہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لاتعداد
اوصاف حسنہ اخلاق فاضلہ اور فضائل وکمالات میں سے کسی نہ کسی وصف و
کمال کے بیان میں مستقل ہے کسی میں صلوٰۃ وسلام کا بیان ہے تو کسی میں آپ
کے بدن مبارک اور اعضائے شریفہ کا ذکر ہے کسی میں آپ کے لباس کی تفصیل
ہے تو کسی میں آپکے حسب ونسب کا تذکار ہے چنانچہ پہلے پارے میں نبی اکرم
نور مجسم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور وظہور کا بیان ہے کچھ آپ بھی سنیں اور
لطف حاصل کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وحبیبك النبی
الامی الذی خلق من نورہ ومن عرق رأسہ خلق الملائکۃ ومن عرق
وجھہ خلق العرش والکرسی واللوح والقلم والشمس والقمر وما کان
فی السماء من الحجاب والکوکب المضی ومن عرق صدرہٖ خلق الانبیاءُ
والمرسلون والشھداء والصلحون وکل ولی وعلٰی اٰلہٖ وصحبہ الذین
افضلھم الصدیق ثم عمر ثم عثمان ثم علی من قال لہ جبریل لافتٰے
الا علی وبارك وسلم (مجموعہ صلوات الرسول پارہ اول ص۱۸)

اے اللہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اپنے عبد خاص ، رسول مکرم ، حبیب معظم اور نبی امی پر لا متناہی رحمتیں نازل
فرما جنہیں نور سے پیدا فرمایا گیا۔ پھر آپ کے سر اقدس کے پسینے سے فرشتوں کو
چہرہ انور کے پسینے سے عرش ، کرسی ، لوح ، قلم ، شمس وقمر اور آسمان کے تمام حجابات
اور تابندہ ستارے پیدا کئے گئے اور آپ کے سینۂ مبارک کے پسینے سے
انبیاء و مرسلین ، شہدا و صالحین اور ہر ولی کو پیدا کیا گیا نیز جن کے نور سے

تمام کائنات تخلیق کی گئی ، نیز اپنی رحمتیں آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر نازل
فرما جن میں سب سے افضل ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی مرتضےٰ
رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں جن کے متعلق حضرت جبرئیل امین نے فرمایا لافتٰی الا علی۔

اللھم صل وسلم علٰی سیدنا محمد وعلٰی اٰل سیدنا محمدن
الذی کان القمر یحدثہ فی حالۃ الصغر (پارہ اول ص۳۲)

اے اللہ! ہمارے سید و سرور حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اور آپ کی آل پر رحمتیں نازل فرما وہ حبیب مکرم جنکو بچپن میں چاند بہلایا کرتا تھا
اعلیحضرت امام اہل سنت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں
ع چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نور کا

اللھم صل وسلم علی سیدنا محمدن الذی لم یزل ینتقل
نورہ من الارحام الزکیۃ الفاخرۃ والارومات الشریفۃ
الطاھرۃ والعناصر الطیبۃ الطاھرۃ استخرجہ اللہ
رحمۃ لاھل الدنیا والاخرۃ (پارہ ا ۔ ص۲۵)

اے بار الٰہا ! اپنے محبوب اور ہمارے آقا نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اور آپ کی آل پاک پر رحمت وسلامتی کی بارش فرما جس حبیب معظم کا نور
پاکیزہ اور قابل فخر شکموں شرافت وقوت والے آباء ، اور طیب وطاہر اصول
سے منتقل ہوتا رہا اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے دُنیا و آخرت والوں کے لئے رحمت
بنا کر پیدا فرمایا۔

حقیقت یہ ہے کہ مجموعہ صلوات الرسول" کو اہل علم وبصیرت مطالعہ کرکے
نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت وعقیدت اور زبان عربی کا فقید المثال
شاہکار قرار دینے پر مجبور ہو جاتے ہیں خصوصاً جبکہ یہ امر بھی ان کے سامنے ہو
کہ اس کے مصنف نے علوم ظاہریہ میں کسی استاذ سے استفادہ نہیں کیا تھا
اور اس درود شریف کی املا اس روانی سے کرتے تھے جیسے کوئی حافظ قرآن

پڑھ رہا ہو۔

دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور

غوث زماں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی قدس سرہ کو چونکہ دینِ متین سے بے پناہ لگاؤ تھا اور اس بات کا آپ کو پوری طرح احساس تھا کہ دینی درسگاہ قائم کرنے سے بہتر دین کی خدمت کی کوئی صورت نہیں اس لئے جہاں آپ نے بہت سی مسجدوں کی بنیاد رکھ کر ان کی تکمیل کی وہاں آپ دینی مدرسہ قائم کرنے کے لئے بہت بے تاب رہتے نواب امیر میجر سرخانی زمان خان صاحب جو آپ کے نہایت عقیدت مند تھے انہوں نے اپنا ایک باغ جس میں طرح طرح کے پودے اور پھل دار درخت تھے بطور ہدیہ پیش کیا آپ نے فوراً تمام پودوں اور درختوں کو کٹوانا شروع کر دیا نواب صاحب کو اطلاع ملی تو انہوں نے حاضر ہو کر عرض کی کہ میں نے یہ بہترین باغ اس لئے پیش کیا تھا کہ اس سے لنگر شریف کو فائدہ پہنچے گا آپ نے یہ کیا کیا کہ اس کے درخت کٹوانے شروع کر دیئے آپ نے فرمایا نواب صاحب میں یہاں پر ایک ایسا باغ لگانا چاہتا ہوں جس کی مہک دُور دُور تک پہنچے گی اور خلق خدا اس سے فائدہ حاصل کرے گی۔

چنانچہ آپ نے مدرسے کی تعمیر کا کام شروع کر دیا۔ آپ خود مٹی کی کچی اینٹیں بناتے اور خود ہی دیواریں کھڑی کرتے اس کام میں آپ اس قدر منہمک ہو جاتے کہ دوپہر کا کھانا تک نہ کھاتے بالآخر آپ کی کوشش رنگ لائی اور طلباء کی رہائش کے لئے کچھ کچے کمرے تیار ہو گئے اس کا نام آپ نے **مدرسہ اسلامیہ محمدیہ** رکھا۔ اس کی بنیاد آپ نے یکم ربیع الاول ۱۳۲۶ھ میں رکھی جسے بعد میں **اسلامیہ رحمانیہ** کا نام دے دیا گیا۔ یوں طلباء آنے لگے اور قرآن و حدیث کا درس شروع ہو گیا آپ طلباء کو علم حاصل کرتے دیکھ کر باغ باغ ہو جاتے اور جب طلباء تکمیل کے بعد فارغ ہوتے تو آپ کی خوشی

کی کوئی انتہا نہ رہتی اور آپ کا چہرہ چمک اٹھتا۔ بعد ازاں دارالعلوم کی پختہ عمارت کی تعمیر میں آپ کے خلیفۂ اعظم حافظ سید احمد سریکوٹی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی بے اندازہ کوششوں کو بہت دخل ہے۔ انہی کے ذریعے حضرت خواجہ صاحب چھوہروی قدس سرہ کے عقیدت مندان چٹاگانگ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

تعمیر ثانی کی ابتداء ۱۰ محرم الحرام ۱۳۷۵ھ کو کی گئی جنوب کی طرف دوسری منزل تعمیر کی گئی ۱۹۶۳ء میں اس دور کے فیلڈ مارشل محمد ایوب خان سابق صدر پاکستان جب دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ میں آئے تو اہالیان ہزارہ کے جم غفیر سے خطاب کیا اور دارالعلوم کی تعمیر کے لئے ایک لاکھ روپے دیئے اس خطیر رقم سے دارالعلوم کی شرقی دو منزلہ دوسری عمارت تیار کی گئی اور جانب جنوب دوسری منزل کا لینٹر (بنایا گیا) اور پلاسٹر بھی کیا گیا۔ ایک ایکڑ رقبے میں شرقاً غرباً پھیلی ہوئی دارالعلوم کی عمارت عجیب دلفریب منظر پیش کر رہی ہے۔ دوسری منزل کے چند کمرے پرائمری اسکول کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں جس میں ہری پور اور قرب و جوار کے سینکڑوں بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں باقی کمروں میں بیرونی طلباء، مثلاً آزاد کشمیر، مظفر آباد، مانسہرہ، ایبٹ آباد، سرگودھا۔ ساہیوال۔ ڈیرہ اسماعیل خان وغیرہ کے طلباء، حفظِ قرآن اور علوم دینیہ کی تحصیل میں مصروف ہیں شب و روز قال اللہ وقال الرسول (جل وعلا و صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی صدائیں بلند ہوتی ہیں جن سے یقیناً حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی قدس سرہ کی روحِ انور کو خوشی ہوتی ہوگی۔

اللہ تعالیٰ غوث زماں حضرت خواجہ چھوہروی قدس سرہ کے فیض کے اس چشمے کو جاری رکھے۔ اراکین و معاونین مدرسہ کو دین متین کی زیادہ سے زیادہ خدمت و اشاعت کی توفیق عطا فرمائے۔

ایں دعا از بندہ آمین از ملک　　پوزش از لبند اد اجابت از فلک

(امام احمد رضا قدس سرہٗ)

آپ کا وصال تقریباً اسّی سال کی عمر میں یکم ذوالحجہ ۱۳۴۲ھ بروز شنبہ بعد از نماز مغرب ہوا آپ کا مزار رچھو پر شریف میں اب بھی مرجع خلائق ہے آپ کے سالانہ عرس میں دور دراز کے لوگ بکثرت شریک ہوتے ہیں۔

محمد عبدالحکیم شرف لاہوری

مختصر حالات حضرت مصنّف دامت برکاتہم العالیہ

محقق بے مثیل مدقق بے عدیل استاذ العلماء حضرت العلامہ مولانا میاں عبدالحق صاحب غورغشتوی جابری ابن میر احمد بن فضل احمد بن شیخ احمد صحابیٔ رسول حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد سے ہیں آپ کی عمر ایک سال تھی کہ والد محترم کا سایہ سر سے اُٹھ گیا لیکن رحمتِ الٰہیہ نے ساتھ دیا کہ آپ علم دین حاصل کرنے کی طرف متوجہ ہو گئے دراصل اس طرف متوجہ ہونا آپ کے چچا فاضلِ اجل فیضی میاں صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کا فیضِ نظر تھا حضرت علامہ فیضی میاں صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ اپنے دور کے فاضل یگانہ تھے کتب درسیہ خصوصاً عبدالغفور وغیرہ تو آپ کو ازبر تھیں ایک دفعہ ٹوپی کے مولوی عبدالرؤف صاحب دیوبندی سے مقام کوٹ میرا میں مسئلہ امتناع نظیر پر مناظرہ ہوا فیضی میاں اس طرف تھے کہ حضور نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نظیر ناممکن ہے آخر آٹھویں دن مولوی عبدالرؤف صاحب نے کسی کتاب میں سے ایک عبارۃ پیش کی فیضی میاں نے فرمایا یہ عبارۃ مشکوک ہے اس کتاب کا دوسرا نسخہ لایا گیا اس میں وہ عبارت نہ تھی اور پھر ایک عجیب و غریب انکشاف ہوا کہ مولوی عبدالرؤف صاحب نے ایک کاغذ پر عبارت لکھ کر کتاب میں رکھی ہوئی تھی بالآخر انہیں شکست فاش کا سامنا کرنا پڑا۔

مولانا میاں عبدالحق صاحب نے اکثر و بیشتر ابتدائی کتب مولانا سید حبیب شاہ صاحب (قاضی پوری) سے پڑھیں کافیہ وغیرہ مولانا فضل احمد صاحب (مقام غازی) سے پڑھے استاذ الکل مولانا فضل حق صاحب رام پوری کے شاگرد مولانا نور گل

سے بھی استفادہ کیا وقت کے شیخ رئیس - رئیس الاذکیا حضرت مولانا محمد دین صاحب بدھوی تلمیذ رشید مولانا فضل حق رامپوری سے منطق و فلسفہ کی آخری کتب پڑھیں - دورۂ حدیث پڑھنے کیلئے دیوبند گئے دوران سال کسی عارضے کی وجہ سے واپس تشریف لے آئے لیکن دیوبندیوں کے غلط اور ہولناک قسم کے عقائد سے محفوظ رہے اور مسلکِ حق مسلکِ اہل سنت وجماعت کی خدمت میں عمرِ عزیز صرف کر دی -

آپ نے خدمتِ دین کیلئے درس و تدریس ایسا بہترین راستہ تجویز کیا ۲ سال محکڈ شریف پڑھاتے رہے - آستانہ عالیہ سیال شریف بھی پڑھانے کیلئے گئے مگر دو تین ماہ بعد بعض عوارض کی بنا پر واپس چلے آئے چالیس سال تک غورغشتی ضلع کیمبلپور اپنی مسجد میں فی سبیل اللہ علم و فضل کے پیاسوں کو سیراب کرتے رہے -

ایک مرزائی سے مناظرہ

حضرت میاں صاحب مولانا محمد جان صاحب سے ملاقات کے لئے جہاڑ علاقہ تربیلہ میں گئے تو مولانا محمد جان صاحب نے بتایا کہ میاں عبدالجبار مرزائی ساکن مقام گندف سیداں ضلع ہزارہ نے مجھے ایک خط میں لکھا ہے کہ یا تو مرزائیوں کو کافر کہنا چھوڑ دو یا پھر ہم سے مناظرہ کرو اور مشورہ طلب کیا کہ اب ہمیں کیا کرنا چاہیئے میاں صاحب نے فرمایا مولانا آپ اس علاقے کے مفتی ہیں اگر آپ خاموش رہے تو عوام یہ سمجھیں گے کہ مولوی عبدالجبار حق پر ہے - چنانچہ انہوں نے میاں صاحب کو بھی ساتھ جانے پر رضامند کر لیا، صبح جب لوگوں کو مناظرے کی اطلاع ملی تو جہاڑ کے اکثر و بیشتر آدمی ساتھ ہو لئے اور جب بمقام گندف پہنچے تو گرد و نواح کے لوگوں کا جم غفیر جمع ہو گیا ادھر عوام اور علماء کا بہت بڑا اجتماع تھا ادھر مولوی عبدالجبار اور ان کے حواریوں کو پتہ چلا تو سخت ہراساں ہوئے - بار بار بلانے کے باوجود میدانِ مناظرہ میں نہ نکلے

بالآخر اصرارِ شدید کے بعد میاں عبدالجبار بادلِ ناخواستہ شام چار بجے کے قریب اپنے حواریوں سمیت آ پہنچے علماء نے متفقہ طور پر اہل سنت وجماعت کی طرف سے حضرت میاں عبدالحق صاحب کو مناظر منتخب کیا۔

عبدالجبار میاں نے میدانِ مناظرہ میں آتے ہی چرب زبانی کا مظاہرہ کیا اور کہنے لگے ہم مسلمان ہیں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ہمارا ایمان ہے ہم آپ کو خاتم النبیین مانتے ہیں - چار یار حق ہیں اور چار مذہب بھی صحیح ہیں اور میں حنفی المذہب ہوں اور اہل سنت وجماعت کا عقیدہ رکھتا ہوں آپ علماء ہیں اور انبیاء علیہم السلام کے وارث آپ کا فریضہ کافروں کو مسلمان بنانا ہے نہ کہ مسلمانوں کو کافر قرار دینا۔

میاں عبدالحق صاحب! ہم ہرگز کسی مسلمان کو کافر نہیں کہتے لیکن جو شخص اہل اسلام کے خلاف عقیدہ رکھے اسے ہم مسلمان بھی نہیں کہہ سکتے ہم آپ سے مختصر وقت میں صرف یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ:-

(۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام وفات پا گئے ہیں یا نہیں؟

(۲) مرزا غلام احمد قادیانی کے متعلق آپ کا کیا عقیدہ ہے؟

عبدالجبار میاں (مرزائی) (۱) حضرت عیسےٰ علیہ السلام دیگر انبیاء علیہم السلام کی طرح وفات فرما چکے ہیں - (۲) میں مرزا غلام احمد کو نبی نہیں مانتا وہ مجدد تھے انہوں نے بہت سے انگریزوں کو کلمہ پڑھایا اور دین کی بہت خدمت کی —

(عبدالجبار میاں لاہوری پارٹی سے متعلق تھے)

میاں عبدالحق صاحب:- یہ دونوں عقیدے اہل اسلام کے خلاف ہیں -

(۱) اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام حیاتِ جسمانی کے ساتھ آسمانوں پر جلوہ افروز ہیں قیامت کے قریب اتریں گے اور دجال کو قتل کریں گے

(۲) مرزا صاحب مجدد تو کجا مسلمان کہلانے کے بھی حقدار نہیں اگر ہمت ہے تو اپنے ان دونوں دعووں پر دلیل پیش کرو۔

عبدالجبار میاں:۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات اس آیہ مبارکہ سے ثابت
یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ (الآیۃ) مُتَوَفِّیْکَ بمعنے مُمِیْتُکَ یعنی
اے عیسیٰ میں تمہیں وفات دینے والا ہوں اور تمہیں اپنی طرف اٹھانے
والا ہوں اس سے بڑھ کر وفات کی کیا دلیل ہوسکتی ہے۔

میاں عبدالحق صاحب:۔ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ کون سا قضیہ ہے؟ (مقصد یہ
کہ پتہ چل جائے کہ عبدالجبار میاں کتنے پانی میں ہیں تاکہ ان کی سمجھ کے مطابق
کی جائے)

عبدالجبار میاں۔ آپ مولوی حضرات قرآن وحدیث چھوڑ کر قضیوں اور جملوں
میں الجھ کر رہ جاتے ہیں۔

میاں عبدالحق صاحب:۔ اگر آپ کو پتہ چل جائے کہ یہ کون سا قضیہ ہے تو بحث
طویل نہ ہوگی۔ سنئے:۔ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ قضیہ مطلقہ عامہ ہے جس کا معنی
یہ ہوتا ہے کہ یہ حکم تین زمانوں میں سے ایک زمانے میں ثابت ہے۔ اول تو
متوفیک بمعنے ممیتک (میں تمہیں وفات دینے والا ہوں) نہیں ہے بلکہ
اس کا معنے قابضک (میں تمہیں قبض کرنیوالا ہوں) دوسرا یہ کہ اگر مان
لیا جائے کہ مُتَوَفِّیْکَ کا معنے وہی ہے جو تم نے ذکر کیا ہے تو چونکہ یہ قضیہ مطلقہ
عامہ ہے اس لئے معنے یہ ہوگا کہ میں تمہیں کسی وقت وفات دینے والا ہوں
(یعنے جبکہ قریب قیامت آپ کی وفات کا وقت ہوگا) احادیث کے
مطابق آیہ مبارکہ کا معنے یہ ہوگا کہ پہلے آپ کو آسمانوں پر اٹھایا جائیگا پھر
وقت آنے پر آپ کو وفات دی جائے گی اور کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ کا
وعدہ پورا کیا جائیگا۔

عبدالجبار میاں:۔ متوفیک میں وفات کا ذکر پہلے اور رافعک میں اٹھانے
کا ذکر بعد میں ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی وفات
پہلے اور اٹھایا جانا بعد میں ہوگا۔ آپ اس کے برعکس کہہ رہے ہیں اور حت آ

آیہ کی آیت مبارکہ کی مخالفت کر رہے ہیں۔

میاں عبدالحق صاحب:۔ رافعک اور متوفیک دونوں لفظوں
کے درمیان واؤ آئی ہوئی ہے اس کی دلالت مطلق جمع پر ہوتی ہے یعنی وہ
دلالت کرتی ہے کہ دونوں حکم ثابت ہیں دونوں میں سے کون سا پہلے اور کونسا
پیچھے ہے اس پر کوئی دلالت نہیں قرآن مجید کا طریقہ ہے کہ اہم اور ضروری بات
کو پہلے ذکر کیا جاتا ہے چنانچہ ارشاد باریتعالیٰ ہے:۔ یٰمَرْیَمُ اقْنُتِیْ
لِرَبِّکِ وَاسْجُدِیْ وَارْکَعِیْ (الآیۃ) دیکھئے یہاں بھی درمیان میں واؤ
ہے اور پہلے سجدے کا اور پھر رکوع کا ذکر ہے حالانکہ رکوع پہلے ہوتا ہے اور سجدہ بعد
میں چونکہ سجدہ رکوع سے اہم ہے کیونکہ اسمیں زیادہ تعظیم ہے اس لئے اسے پہلے
ذکر کیا اسی طرح مذکورہ بالا آیہ مبارکہ میں متوفیک یعنے زیادہ اہم ہے کیونکہ عیسائی
حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو خدا مانتے ہیں ان کے اس عقائدِ فاسد کو رد کرنے
کے لئے پہلے "متوفیک" کا ذکر کیا گیا تاکہ ظاہر ہوجائے کہ عیسےٰ علیہ السلام کو
تو ایک وقت وفات آنے والی ہے وہ خدا کیسے ہوسکتے ہیں ورنہ واقع
میں وفات رفع جسمانی کے بعد ہوگی۔

اتنے میں عصر کا وقت ہوگیا اذان دی گئی تو مرزائی اجتماع سے علیحدہ ہوگئے
میاں عبدالحق صاحب نے حدیث شریف پڑھی:۔

اتبعوا السواد الاعظم فانہ من شذ شذ فی النار
(بڑی جماعت کی پیروی کرو جو الگ ہوا وہ جہنم میں ڈالا گیا) الحدیث

عبدالجبار میاں:۔ چونکہ تم ہمیں (مرزائیوں کو) کافر کہتے ہو اس لئے ہم تمہارے
پیچھے نماز نہیں پڑھتے۔

تمام مسلمانوں نے الگ نماز پڑھی اور مرزائیوں نے الگ تو اس سے
بھی عوام پر مرزائیوں کی ضلالت وگمراہی ظاہر ہوگئی۔
نماز کے بعد عبدالجبار میاں کو مرزا صاحب کی کچھ غلط اور بیہودہ قسم کی عبارات دکھائی

گئیں۔ اول تو تاویل و توجیہ کے لئے طرح طرح سے پیچ و تاب کھاتے رہے لیکن
حضرت میاں عبدالحق صاحب کی گرفت کے آگے ان کی ایک نہ چل سکی بالکل لاجواب
ہوگئے تو اپنی ندامت کو چھپانے کے لئے پشتو میں اپنے ساتھی سے کہنے لگے
خو دیر زور ور ملا دے (بھئی یہ مولوی تو کوئی آفت ہے) میاں
عبدالحق صاحب نے فرمایا کہ مرزا صاحب کی گمراہیاں آپ کے سامنے پیش کر
دی ہیں آپ کی مرضی ہے کہ اب راہِ حق قبول کریں یا نہ!

عبدالجبار میاں مبہوت ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے اور یوں میاں صاحب کو
مناظرے میں کامل فتح حاصل ہوئی۔ ایک شخص نے پوچھا عبدالجبار میاں کا کیا حکم
ہے اس کے ساتھ غمی شادی میں شرکت کی جائے یا نہ۔ میاں عبدالحق صاحب
نے فرمایا کہ جب تک عقائد باطلہ سے توبہ نہ کریں ان کے ساتھ غمی شادی میں
شرکت جائز نہیں۔

آپ کے ہاں چار صاحبزادے پیدا ہوئے۔ مولوی عبدالسلام صاحب دورہ
حدیث پڑھتے ہوئے فوت ہوگئے۔ مولوی حبیب الرحمٰن صاحب۔ مولوی
سیف الرحمٰن صاحب سب سے بڑے لڑکے مولانا محمد نعمان صاحب ہیں نہایت
ذکی اور جید عالم و فاضل ہیں آجکل جامع مسجد غوثیہ نصیر آباد نزد کوہ نور ملز راولپنڈی
میں خطابت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

آپ کے تلامذہ میں سے مشہور و معروف دیوبندی مولوی غلام خان
(راولپنڈی) بھی ہیں۔ مولوی غلام خان پہلی دفعہ پڑھنے کے لئے گئے تو بدیع المیزان
و شرح تہذیب وغیرہ پڑھیں پھر دوبارہ گئے تو امور عامہ ملا حسن مطول وغیرہ اسباق
پڑھے میاں صاحب فرماتے ہیں کہ مولوی غلام خان چنداں ذہین نہ تھے البتہ
محنتی ضرور تھے۔ پھر لطف یہ کہ جب واں بھچراں مولوی حسین علی صاحب دیوبندی
کے پاس پہنچے اور دیوبندیت کے رنگ میں رنگے گئے تو کئی دفعہ استاذ محترم
حضرت میاں صاحب سے مناظرہ کرنے کے لئے آئے میاں صاحب فرماتے ہیں

کہ ہم مولوی غلام خان سے کہتے کہ مولوی حسین علی واں بھچراں کی بلغۃ الحیران
کی اس عبارت پر مناظرہ ہوگا جس میں انہوں نے اس بات کی تائید کی ہے کہ "اللہ
تعالیٰ کو پہلے علم نہیں ہوتا جب کوئی کام ہوجاتا ہے تب پتہ چلتا ہے"
مگر مولوی غلام خان اس طرف نہ آتے اِدھر اُدھر کی باتیں کرکے چلے جاتے!

حضرت العلامہ مولانا گل اکرام صاحب راولپنڈی۔ حضرت العلامہ مولانا
ہدایت الحق صاحب مہتمم مدرسہ حقائق العلوم غوثیہ حضرو ضلع کیمبلپور۔ استاذ العلماء
حضرت العلامہ مولانا عبدالحق صاحب بارہ زئی آپکے تلامذہ میں سے ہیں مولوی
حبیب الرحمٰن (دیوبندی)، مولوی ضیاء الحق دیوبندی۔ مولوی فضل الرحمٰن صاحب
دیوبندی (چھوہدری) بھی آپ ہی کے فیض یافتہ ہیں۔ کابل اور کوہاٹ کی طرف
آپ کے بے شمار تلامذہ موجود ہیں۔

درس و تدریس کی مصروفیت کی وجہ سے آپ تصنیف و تالیف کی طرف زیادہ
توجہ نہ دے سکے تاہم حسب ضرورت بعض مسائل پر آپ نے قلم اٹھایا اور دادِ تحقیق
دی۔ ۱۔ نابالغ بچے کی طلاق واقع نہیں ہوتی خواہ وہ سمجھ دار ہی ہو اس مسئلہ پر
آپ نے ایک رسالہ تحریر فرمایا۔ یا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیک وسلم کہنے کے جواز پر ایک
رسالہ تحریر فرمایا جس کا نام **عقد الجید فی نداء البعید**
ہے مسئلہ نور پر آپنے ایک رسالہ **نور الانوار فی بیان نور سید الابرار**
عربی میں تحریر فرمایا اس میں آپنے آیات و احادیث اور علمائے امت کے اقوال
سے ثابت کیا کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور ہیں مخالفین کے اعتراضات کے شافی جوابات
بھی بیان فرمائے ہیں۔ جمعیت علمائے سرحد پاکستان "بفضلہ تعالیٰ اسی رسالے کو اردو
ترجمے کے ساتھ پیش کر رہی ہے عربی سے ناواقف حضرات کی دلچسپی کے پیش نظر اردو
کو ہر صفحے کے اوپر اور عربی کو نیچے درج کردیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

محمد عبدالحکیم شرف قادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مستحق پرستش وہ ذات کریم ہے جس نے ارض و سما کو انبیاء و ملائکہ سے
زینت بخشی اور صلوٰۃ و سلام اس ذات کریم پر جو مرکز انوار، رشک آفتاب و مہتاب
اور سرور انبیاء و رسل ہیں نیز آپ کی آل پاک اور صحابہ کرام پر جو ہدایت و یقین
کے درخشاں ستارے ہیں خصوصاً پیکر رشد و ہدایت خلفاء پر۔

بعد از حمد و ثنا - ان دنوں ہمارے علاقے میں محمد بن عبدالوہاب نجدی
کے حق سے برگشتہ پیروکار اہلسنت و جماعت کے بارے میں محض اس لئے زبان دراز
ہوگئے ہیں کہ اہل سنت و جماعت اپنی مجلسوں اور محفلوں میں نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم کو **نور**، **سراج منیر** اور **نور الٰہی** (تجلیات الٰہیہ) سے پیدا ہونے

بسم الله الرحمٰن الرحيم الحمد لله الذى نور السمٰوٰت والارض
بالملائكة والنبيين والصلوٰة والسلام على رسوله الذى هو
نور الانوار و شمس الشموس وبدر البدور وسيد الانبياء والمرسلين
وعلى اٰله واصحابه الذين هم نجوم الاهتداء واليقين لاسيما الخلفاء
الراشدين المهديين -

اما بعد فلما طال لسان الزائغين من اتباع محمد بن عبد الوهاب
النجدى فى هذه الايام فى ديارنا على اهل السنة والجماعة الواصفين فى محافلهم
ومجالسهم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالنور والسراج
المنير وانه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اول نور خلقه الله
تعالىٰ من نوره وغير ذالك من التشريفات والخصوصيات
للحقيقة المحمدية كما يحتفل اهل الاسلام من العرب

والا نور اول کہتے ہیں اور اس کے علاوہ حقیقت محمدیہ کے فضائل اور خصوصی کمالات
بیان کرتے ہیں جیسے کہ عرب و عجم کے مسلمان اکثر اوقات میں بالعموم اور ماہ
ربیع الاول شریف میں بالخصوص محفل میلاد منعقد کرتے ہیں۔ اس ماہ کی راتوں
میں صدقہ و خیرات کرتے ہیں (محبوب خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری پر)
اظہار مسرت کرتے ہیں۔ دیہاتوں اور شہروں میں مجالس منعقد کرنے کا اہتمام
کرتے ہیں ان لوگوں کی مخالفت صرف وہ شخص کریگا جس کے دل میں بیماری
ہو اور اس ردی فرقے سے تعلق رکھتا ہو جس کا گمان ہے کہ محفل میلاد شرک
بدعت، جہالت اور گمراہی ہے اس فرقے والوں کا کہنا ہے کہ جو شخص یہ کہے
کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "نور من نور اللہ" (انوار و تجلیات
الٰہیہ میں سے ایک نور ہیں) وہ عیسائیوں کی طرح ہے جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام
کو اللہ تعالیٰ کی جزء مانتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کا نہ کوئی بیٹا ہے نہ باپ
اس لئے میں نے آیات قرآنیہ، احادیث اور اہل حق ائمہ دین کے اجماع کے
دلائل و براہین سے اہل سنت و جماعت کے اس دعوے کو ثابت کرنے اور

والعجم خصوصاً فى شهر مولده عليه السلام ويتصدقون فى لياليه ويظهرون
السرور ويهتمون فى عقدهم المجالس فى القرىٰ والامصار فما ينكر
عليهم الا من فى قلبه داء وكان من تلك الفرقة الردية القائلة انه شرك
وبدعة وجهل وضلال وقالوا من قال ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نور من
نور الله تعالىٰ فهو كالنصارىٰ القائلين بجزئية عيسىٰ عليه السلام من الله
تعالىٰ مع انه لم يلد ولم يولد فاردت ان اثبت ذالك المدعىٰ بالبراهين
والحجج من نص كتاب الله تعالىٰ والسنة وما اتفق عليه
اهل الحق من ائمة الدين وازيل شبهات النجدية
اتباعاً للحق الصريح ومن الله التوفيق وهو حسبى ونعم الوكيل

خالص حق کی اتباع کرتے ہوئے نجدیوں (وہابیوں) کے شبہات کو زائل کرنے
کا ارادہ کیا۔ اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا، کافی اور بہترین کارساز ہے
گناہ سے باز رہنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہی ہے۔

میں نے یہ رسالہ ایک مقدمے اور دو باب پر مرتب کیا ہے مقدمے
میں **نور** کی تعریف اور اس کی دو قسمیں **حسی** اور **معنوی**
بیان کی ہیں۔ پہلے باب میں کتاب و سنت اور ائمہ محدثین اور متکلمین
کے اقوال سے دلائل بیان کئے اور دوسرے باب میں منکرین کے
شبہات نقل کرکے ان کے جوابات دیئے ہیں جو کہ ان شاء اللہ العزیز شک کی
تاریکی کو دور کرکے یقین کا فائدہ دیں گے۔

مُقدّمہ

نور در اصل وہ کیفیت ہے جو پہلے نظر آتی ہے اور اس کے واسطے سے
دوسری چیزیں نظر آتی ہیں جیسے کہ چاند اور سورج سے ایک کیفیت (روشنی)
کثیف اور مقابل جسموں پر پڑتی ہے اس معنی کے اعتبار سے آیۂ مبارکہ "اَللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ
وَالاَرض" میں اللہ تعالیٰ پر نور کا اطلاق مضاف مقدر کرنے سے صحیح ہوگا مثلاً
زید کو کرم کہہ دیا جائے یعنی صاحب کرم یا مجاز (لغوی) کے طور پر یعنی اللہ تعالیٰ

ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم

ورتبت هذه الرسالة علی مقدمة وبابین اما المقدمة ففی بیان تعریف
النور وبیان قسمیه الحسی والمعنوی والباب الاول فی ذکر الادلة من الکتاب
والاحادیث واقوال السلف من ائمة الدین من المحدثین والمتکلمین
والباب الثانی فی دفع شبهات المنکرین واجوبتهم المزیلة للشک المورثة للیقین
مقدمة النور فی الاصل کیفیة تدرکها الباصرة اولا وبواسطتها

زمین و آسمان کو منور فرمانے والا ہے خود ایک قرارت بھی اس طرح ہے اَللّٰہُ
منور السمٰوٰت والارض اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ارض و سماء کو ستاروں
اور ان کی تابانی سے منور کیا یا یوں کہا جائے کہ انبیاء و ملائکہ کے ذریعے زینت بخشی
اس کے علاوہ بھی کئی استعمال ذکر کئے گئے ہیں (بیضاوی شریف) جلالین شریف
میں اس آیۂ مبارکہ کا معنے یہ بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کو شمس و قمر سے
منور فرمانے والا ہے۔ حاشیہ جمل میں ہے کہ نور کی تاویل (منور) اسم فاعل سے
اس لئے کی ہے کہ نور در حقیقت ایک عرض ہے جسے آنکھ سے دیکھا جاسکتا ہے لہٰذا
نور کا اطلاق براہ راست اللہ تعالیٰ کی ذات مقدسہ پر درست نہ ہوگا یہ نور حسی
حقیقی ہے اور کبھی نور کا اطلاق مجازاً نور معنوی علم، ہدایت اور سنت پر بھی
ہوتا ہے چنانچہ جب آپ کو ایک مسئلہ سمجھ آجاتا ہے تو آپ کہتے ہیں کہ میرے
دل میں ایک نور پیدا ہوگیا ہے اور جب کوئی شبہ واقع ہوجائے تو آپ کہتے
ہیں میں تاریکی میں گھر گیا ہوں شاعر نے کہا ہے

ستارے ایسے ہیں تاریکیوں میں ۔۔۔ کہ جیسے سنتیں ہوں بدعتوں میں

سائر المبصرات کالکیفیة الفائضة من النیرین علی الاجرام الکثیفة المحاذیة
لهما وهو بهذا المعنی لا یصح اطلاقه علی الله تعالیٰ الا بتقدیر المضاف کقولک زید
کرم بمعنی ذو کرم او علی تجوز فی قوله تعالیٰ الله نور السمٰوٰت والارض اما بمعنی
منور السمٰوٰت والارض وقد قری به فانه تعالیٰ نورها بالکواکب وما یفیض منها
من الانوار او بالملائکة والانبیاء وذکروا غیر ذالک من تفسیر البیضاوی و
قال فی الجلالین منورهما بالشمس والقمر وفی حاشیة الجمل انما اوله باسم الفاعل
لان حقیقة النور کیفیة ای عرض یدرک بالبصر فلا یصح حمله علی ذاته الاقدس
هذا هو النور الحسی الحقیقی وقد یطلق علی المعنوی علی سبیل الاستعارة کالعلم والهدایة والسنة کما اذا
فهمت مسئلة تقول حصل فی قلبی نور واذا وقعت شبهة تقول وقعت فی ظلمة قال الشاعر

شاعر نے سنتوں کو واضح ہونے کی حیثیت سے ستاروں سے تشبیہ د
جیسے کہ بدعت کو مخفی اور پوشیدہ ہونے میں تاریکی سے تشبیہ دی ہے (شاعر کا م
مقصد یہی ہے لیکن بقصد مبالغہ تشبیہ کو معکوس کر دیا) اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ص
تعالیٰ علیہ وسلم کو حسی اور معنوی دونوں نور عطا کئے ہیں۔ ان شاء اللہ العزیز
حقیقت عنقریب منکشف ہو جائیگی۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے ع
فرما دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم بہت عظیم ہے۔

باب اوّل!

نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور ہونے سے متعلق

ارشاد باری تعالیٰ ہے قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ (تمہارے
پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نور آیا اور واضح کتاب) نور سے مراد نبی اکرم ص
تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے (جلالین شریف وغیرہ تفاسیر) نیز فرمایا۔ ی
ایها النبی انا ارسلناك شاهدا ومبشرا ونذيرا وداعيا الى الله باذنه و

كأن النجوم بين دجاها   سنن لاح بينهن ابتداع

شبه السنن بالنجوم في الوضوح والظهور كما شبه البدعة بالظلمة في الخفاء وع
الظهور وقد اعطى الله النبي صلى الله تعالى عليه وسلم كلا النورين الحسي والمعن
وسيفتح لك ان شاء الله تعالى ذالك فضل الله يعطيه من يشاء والله ذو

الباب الاول في اثبات نوريته صلى الله تعالى عليه وسلم قال الله تعالى ق
جاءكم من الله نور وكتاب مبين المراد بالنور هو النبي صلى ال
تعالى عليه وسلم كما في الجلالين وقال الله تعالى يا ايها النبي انا ار

وسراجا منيرا (اے غیب کی خبریں دینے والے ہم نے آپ کو حاضر و ناظر خوشخبری
دینے والا ڈر سنانے والا اللہ تعالیٰ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور سراج منیر بنا کے
بھیجا) امام عبد الرزاق نے اپنی سند ذکر کر کے حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی
اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر
قربان مجھے وہ چیز بتائیں جو اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے پیدا فرمائی۔ آپ نے فرمایا
اے جابر اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا
وہ نور جہاں اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوئی جلوہ افروز ہوتا رہا اس وقت نہ لوح و قلم تھے
نہ جنت و دوزخ نہ فرشتہ نہ ارض و سما نہ شمس و قمر اور نہ جن و انس اس
طویل حدیث کو مکمل طور پر علامہ قسطلانی نے مواہب میں نقل کیا پوری حدیث وہاں
دیکھے۔ عارف باللہ سیدی عبد الغنی نابلسی "حدیقہ ندیہ" میں فرماتے ہیں ہر چیز
آپ کے نور اقدس سے پیدا کی گئی ہے جیسے کہ حدیث صحیح میں ہے حضرت جابر رضی اللہ

شاهدا ومبشرا ونذيرا وداعيا الى الله باذنه وسراجا منيرا روى عبد الرزاق بسنده
عن جابر بن عبد الله الانصاري قال قلت يا رسول الله بابي انت وامي اخبرني عن
اول شيء خلقه الله تعالى قبل الاشياء قال يا جابر ان الله تعالى خلق قبل الاشياء
نور نبيك من نوره فجعل ذالك النور يدور بالقدرة حيث شاء الله تعالى ولم يكن
في ذالك الوقت لوح ولا قلم ولا جنة ولا نار ولا ملك ولا سماء ولا ارض ولا شمس ولا قمر ولا
جن ولا انس الحديث بطوله نقله العلامة القسطلاني في المواهب فارجع اليه قال العارف بالله

ف: اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور اس وقت بھی موجود تھا جبکہ ابھی
اجسام اور ابدان پیدا نہیں ہوئے تھے اس نور کو اگر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت کہا جائے
تو لازم آئیگا کہ صفت موصوف سے پہلے موجود ہو اور یہ ناممکن ہے لہذا یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ یہ نور
آپ کی حقیقت تھی جسے انبیاء کرام علیہم السلام کے زمانے کے بعد لباس بشریت عطا فرما کر عالم
شہادت میں جلوہ گری دی گئی ۱۲ شرف لاہوری

تعالٰے عنہ کی روایت کو مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے "نشر الطیب" میں معنًی
ذکر کیا ہے۔ امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں یہ بات جان لینی
چاہیئے کہ خلق محمدی دیگر افراد انسانیہ کی طرح نہیں ہے بلکہ کائنات کا کوئی فرد آپ سے
سے مناسبت نہیں رکھتا اس لئے کہ آپ لباس بشریت کے باوجود اللہ تبارک و
تعالٰے کے نور سے پیدا ہوئے ہیں جیسے کہ خود آپ نے فرمایا کہ میں اللہ تعالٰے کے
نور سے پیدا کیا گیا ہوں مکتوب شریف ۱۰۰ بہت سے محدثین نے اس حدیث
کو قبول کیا ہے۔ ائمہ کا قبول کرلینا بھی حدیث کے صحیح ہونے کی علامت ہے۔

اس حدیث کی تائید اس روایت سے بھی ملتی ہے جسے امام ترمذی نے ابوہریرہ رضی
اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ!
آپ کو نبوت کب عطا کی گئی آپ نے فرمایا جب کہ ابھی حضرت آدم علیہ السلام روح
وجسم کے درمیان تھے نیز اس کی تائید حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالٰے عنہ
کی روایت سے بھی ہوتی ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا میں اس وقت

السید عبد الغنی النابلسی فی الحدیقۃ الندیۃ قد خلق کل شیٔ من نورہ صلے اللہ تعالٰی
علیہ وسلم کما ورد بہ الحدیث الصحیح وکذا ذکر حدیث جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ
المولوی اشرف علی التھانوی فی نشر الطیب معناہ وقال الامام الربانی المجدد للالف
الثانی باید دانست کہ خلق محمدی در رنگ سائر افراد نیست بلکہ بہیچ فردے از افراد عالم مناسبت
باو ندارد کہ او صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم با وجود نشأ عنصری از نور حق جل وعلا مخلوق گشتہ است کما
قال علیہ الصلٰوۃ والسلام خُلِقْتُ مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ مکتوب ۱۰۰ وکثیر من المحدثین تلقوا ذالک
الحدیث بالقبول وقبول الائمۃ دلیل لصحۃ الحدیث ویؤیدہ ذالک ما روی الترمذی
عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ قال قالوا یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ
قال وآدم بین الروح والجسد وما روی العرباض بن ساریۃ عن النبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم
قال انی عند اللہ لخاتم النبیین وان آدم لمنجدل فی طینتہ رواہ احمد والبیہقی

ہی عند اللہ خاتم الانبیاء تھا جبکہ ابھی آدم علیہ السلام کے جسد اقدس کی تکمیل نہیں ہوئی
تھی اس حدیث کو امام احمد بیہقی اور حاکم نے روایت کیا اور کہا اس حدیث کی سند صحیح
ہے لیکن مشہور ہے کہ کنت نبیا وآدم بین الماء والطین "روایت بالمعنی ہے" یہ لفظ ثابت
نہیں ابن تیمیہ اور زرکشی وغیرہ نے کہا کنت نبیا وآدم بین الماء والطین اور کنت نبیا
ولا آدم ولا ماء ولا طین ان دونوں حدیثوں کی کچھ اصل نہیں۔ علامہ شہاب الدین خفاجی
نے شرح شفا میں فرمایا مطلب یہ ہے کہ ان حدیثوں کے یہ لفظ ثابت نہیں میں کہتا ہوں اس کا
مطلب یہ نہیں کہ یہ حدیث موضوع ہے جیسے بعض نے گمان کیا اس لئے کہ یہ روایت بالمعنے
ہے کیونکہ یہ حدیثیں اول الذکر حدیثوں کے معنے میں ہیں اور روایت بالمعنے جائز ہے اس حدیث
کا یہ معنے نہیں کہ آپ اللہ تعالٰی کے علم میں نبی تھے جیسے کہ بعض نے کہا بلکہ مطلب یہ ہے کہ اللہ
تعالٰی نے تمام ارواح سے پہلے آپ کی روح شریف کو پیدا کیا اور اسے نبوت کی شرافت
سے سرفراز کیا تاکہ ملاء اعلٰے کو آپ کی عظمت کا پتہ چل جائے سیدی شیخ تقی الدین سبکی
نے فرمایا یہ روایت ہے کہ اللہ تعالٰی نے ارواح کو جسموں سے قبل پیدا فرمایا اس لئے کنت

والحاکم وقال صحیح الاسناد واما ما اشتہر علی الالسنۃ کنت نبیا وآدم
بین الماء والطین فھو روایۃ بالمعنی وقال ابن تیمیہ والزرکشی وغیرھما
حدیث کنت نبیا وآدم بین الماء والطین وکنت نبیا ولا آدم ولا ماء ولا طین
لا اصل لھما قال العلامۃ الشہاب الخفاجی فی شرح الشفا یعنی بھذا اللفظ
قلت لیس معناہ انہ موضوع کما توھم فانہ روایۃ بالمعنی لانہ بمعنی الحدیث
السابق وھی جائزۃ ولیس المعنی انہ کان نبیا فی علم اللہ تعالٰی کما قیل لانہ
لا یختص بہ بل ان اللہ خلق روحہ قبل سائر الارواح وخلع خلعۃ التشریف
بالنبوۃ اعلاما للملاء الاعلٰی وقال الشیخ تقی الدین السبکی انہ قد جاء
ان اللہ تعالٰی خلق الارواح قبل الاجساد فقد تکون الاشارۃ بقولہ کنت نبیا
الی روحہ الشریفۃ او الی حقیقتہ من الحقائق والحقائق

نبیاً کا اشارہ آپ کی روح شریف کیطرف ہوگا یا آپ کی حقیقت کیطرف اور حقائق
جاننے سے ہماری عقلیں قاصر ہیں حقیقتوں کو یا تو اللہ تعالیٰ جانتا ہے یا جسے اللہ تعالیٰ نے نور
الٰہی سے نوازا ہو اللہ تعالیٰ ان حقائق کو جب چاہتا ہے جو چاہتا ہے انعامات عطا فرماتا ہے
لہذا نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حقیقت حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے وقت
(بلکہ اس سے بھی پہلے) سے موجود ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے وصف نبوت کی صلاحیت
دیکر پیدا فرمایا اور نبوت وختم نبوت کا وصف عنایت فرما دیا۔ آپ کا نام عرش مجید
پر لکھ دیا اور آپ کی رسالت کا اعلان کر دیا تاکہ ملائکہ اور دیگر مخلوقات کو اللہ
تعالیٰ کے نزدیک آپ کی عزت و شرافت کا پتہ چل جائے آپ کا جسد اقدس اگرچہ بعد میں
پیدا ہوا لیکن حقیقت شریفہ (قبل از خلقت آدم علیہ السلام) بھی موجود تھی (مواہب لدنیہ
اور نسیم الریاض) ملخصاً حدیث صحیح سے ثابت ہو گیا کہ یہ کمال (نبوت وختم نبوت) ہمارے
آقا و مولیٰ سید الانبیا والمرسلین صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی
خلقت سے بھی پہلے عطا کیا تھا آپ کی نبوت دائمی ہے اس وقت سے لیکر جہاں تک
اللہ تعالیٰ کی مرضی آپ کے جسد اقدس کے موجود ہوکر چالیس سال تک پہنچنے اور اس

تقصر عقولنا عن معرفتها وانما يعلمها خالقها ومن امده الله بنور الٰهی ثم ان
تلك الحقائق يؤتی الله كل حقيقة منها ما يشاء فی الوقت الذی يشاء فحقيقة
النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قد تكون من حين خلق آدم آتاها الله ذالك الوصف بان
يكون خلقها متهيئة وافاض عليها من ذالك الوقت فصار نبيا وكتب اسمه على العرش
واخبر عنه بالرسالة ليعلم الملائكة وغيرهم كرامته عنده فحقيقته موجودة من
ذالك الوقت وان تاخر جسده الشريف المتصف بها (من المواهب ونسيم الرياض) باختصار
فعرفنا بالخبر الصحيح حصول ذالك الكمال من قبل خلق آدم لنبينا محمد صلی الله تعالیٰ
عليه وسلم من ربه سبحانه وتعالیٰ وانه اعطاه النبوة من ذالك الوقت فنبوته صلی الله تعالیٰ عليه وسلم مستمرة من
ذالك الوقت الی ما شاء الله تعالیٰ وانما يتفرق الحال فيما بعد وجود جسده صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وبلوغه الاربعين

[illegible] سلسلہ میں (نزول وحی اور تبلیغ احکام میں) فرق آپ کی ذات شریفہ کے لحاظ سے
نہیں بلکہ اس وجہ سے ہے کہ لوگوں میں آپ کی کلام سننے کی اہلیت نہ تھی احکام کبھی
شروط پر اس لئے معلق ہوتے ہیں کہ قابل اور فائدہ لینے والے میں صلاحیت پیدا
ہو جائے اور کبھی اس لئے کہ فاعل تصرف کر سکے یہاں پر نزول وحی اور تبلیغ احکام آپ
کے جسد عنصری کے چالیس سال کی عمر کو پہنچنے پر اس لئے معلق ہے کہ لوگوں میں آپ کی
زبان فیض ترجمان سے فائدہ حاصل کرنے کی استعداد پیدا ہو جائے اس کی مثال یوں
سمجھ لیجئے کہ ایک آدمی دوسرے کو وکیل بناتا ہے کہ جب تمہیں کفو مل جائے تو تم میری
لڑکی کا نکاح کر دینا اس طرح وکیل بنانا درست ہے اور وہ دوسرا آدمی وکالت کا
اہل ہے اور اس کی وکالت ثابت ہے لیکن تصرف (نکاح کر دینا) اس وقت پایا
جائیگا جب کفو ملے گا اس سے وکالت کی صحت اور وکیل کی اہلیت میں فرق نہیں
پڑتا۔ مشکوٰۃ شریف میں حضرت عرباض ابن ساریہ کے واسطے سے رسول صلے اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا میں اس وقت بھی عند اللہ
خاتم النبیین لکھا ہوا تھا جبکہ حضرت آدم علیہ السلام کا جسد عنصری ابھی پایہ تکمیل کو نہیں

وما قبل ذالك بالنسبة الی المبعوث اليهم وتاهلهم لسماع كلامه لا بالنسبة اليه
ولا اليهم لو تاهلوا قبل ذالك وتعليق الاحكام على الشروط قد يكون بحسب المحل القابل
وقد يكون بحسب الفاعل المتصرف فبان ان التعليق انما هو بحسب المحل القابل وهو
المبعوث اليهم وقبولهم سماع الخطاب بجسده الشريف الذی يخاطبهم بلسانه وهذا كما يوكل
الاب رجلا فی تزويج ابنته اذا وجدت كفوا فالتوكيل صحيح وذالك الرجل اهل للوكالة
ووكالته ثابتة وقد توقف التصرف على وجود كفو ولا يوجد الا بعد مدة وذالك لا يقدح
فی صحة الوكالة واهلية الوكيل وفی مشكوة الشريفة عن العرباض بن سارية عن رسول
الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم انه قال انی عند الله مكتوب خاتم النبيين
وان آدم لمنجدل فی طينته وساخبركم عن اول امری دعوة ابراهيم

پہنچا تھا میں تمہیں اپنے ابتدائی حالات بتاتا ہوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی د[…]
حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی بشارت اور وہ نور ہوں جسے میری والدہ ماجدہ نے میری[…]
پیدائش کے وقت دیکھا تھا اس نور کی برکت سے ان کے سامنے شام کے محلات ر[…]
ہوگئے (بحوالہ شرح السنۃ اور امام احمد نے کچھ کم الفاظ ذکر کئے) شمائل ترمذی میں حض[…]
جابر بن سمرہ کی روایت ہے انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ و[…]
کو ایک روشن رات میں دیکھا آپ نے سرخ حلہ زیب تن فرمایا ہوا تھا۔ میں ک[…]
تو چاند کو دیکھتا تھا اور کبھی آپ کے چہرۂ انور کو بالآخر میرا فیصلہ یہی تھا کہ چاند[…]
حسن وجمال کو نہیں پہنچ سکتا۔ آپ کا حسن کہیں زیادہ ہے ابن عباس رضی اللہ ت[…]
عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دندان مبارک انتہا[…]
دلکش تھے جب آپ گفتگو فرماتے تو آپ کے دندان مبارک سے ایک نو[…]
نکلتا ہوا دکھائی دیتا "اسد الغابہ" میں ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی ا[…]
تعالیٰ عنہا نے نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف بیان کی اور فرمایا بخدا[…]
آپ اسی طرح تھے جیسے حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے بارے میں کہا[…]

وبشارة عيسى ورؤيا امى التى رأت حين وضعتنى وقد خرج لها نور اضا[…]
قصور الشام رواه فى شرح السنة ورواه احمد عن ابى امامة من قوله ساخب[…]
وفى شمائل الترمذى عن جابر بن سمرة قال رأيت رسول الله صلى الله تعالى[…]
وسلم فى ليلة اضحيان وعليه حلة حمراء فجعلت انظر اليه والى القمر فهو عند[…]
من القمر وعن ابن عباس رضى الله تعالى عنهما كان رسول الله صلى الله[…]
عليه وسلم افلج الثنيتين اذا تكلم رئى كالنور يخرج من بين ثنايا[…]
قال فى اسد الغابة وصفت عائشة رضى الله تعالى عنها رسول الله صلى[…]
تعالى عليه وسلم فقالت كان والله كما قال فيه حسان[…]
رضى الله تعالى عنه ؎

[…] تاریکی میں جلوہ گر ہوئی — مثل تابندہ شمع ظلمت کی غارت گر ہوئی
[…] کون اور پھر گماں — جس سے حق مضبوط اور بے دینی محو تر ہوئی

حضرت شیخ شمس الدین محدث جزری رحمہ اللہ تعالیٰ نے حصن حصین میں نور کی
[…] بیان کر دی ہیں جو کتب صحاح بخاری ومسلم نسائی وابن ماجہ اور صحیح ابن حبان میں
[…] ان میں ہے کہ جب آپ نماز کیلئے تشریف لے جاتے تو دعا مانگتے "اے اللہ میرے
[…] پیدا فرما میری آنکھوں اور کانوں میں نور پیدا فرما میرے دائیں اور بائیں آگے
[…] نور پیدا فرما اور مجھے نور عطا فرما (بخاری مسلم نسائی ابن ماجہ) اے اللہ میرے عصاب
[…] میرے بالوں اور ظاہری جسم میں نور عطا فرما (بخاری۔ مسلم۔ نسائی۔ ابن ماجہ)
[…] میری زبان میں نور عطا فرما میری جان میں نور عطا فرما اور مجھے نور عظیم عطا فرما (مسلم شریف)
[…] مجھے نور بنا دے (نسائی۔ ابن حبان) اے اللہ میرے دل میں میری زبان میں میرے
[…] میری آنکھوں میں نور پیدا فرما میرے آگے اور پیچھے نیچے اور اوپر نور پیدا فرما

متى يبد فى الداجى البهيم جبينه — يلح مثل مصباح الدجى المتوقد
فمن كان او من يكون كاحمد — نظام لحق او نكال لملحد

[…] شمس الدين الجزرى المحدث رحمه الله تعالى فى الحصن الحصين احاديث
النور المروية فى الصحاح البخارى ومسلم ونسائى وابن ماجة وصحيح ابن حبان حيث قال
[…] اذا خرج للصلوة قال اللهم اجعل فى قلبى نورا وفى بصرى نورا وفى سمعى نورا
[…] عن يمينى نورا وعن شمالى نورا وخلفى نورا واجعل لى نورا. خ م د س ق
[…] فى عصبى نورا وفى لحمى نورا وفى دمى نورا وفى شعرى نورا وفى بشرى نورا. خ
[…] ق وفى لسانى نورا واجعل لى فى نفسى نورا واعظم لى نورا. م
[…] اجعلنى نورا س. حب اللهم اجعل فى قلبى نورا وفى لسانى نورا واجعل فى سمعى
نورا واجعل فى بصرى نورا واجعل من خلفى
نورا ومن امامى نورا واجعل من فوقى نورا ومن تحتى نورا

اے اللہ مجھے نور عطا فرما (مسلم ونسائی) اس دعا سے مقصد یہ ہے کہ اسے بار بار آپ کو دیئے ہوئے نور کو ہمیشگی اور جلا عطا فرما جیسے کہ اھدنا الصراط المستقیم میں ہے یعنی اے اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت پر ثابت قدمی اور استقامت عطا فرما یہ معنے نہیں کہ ہدایت حاصل نہیں۔

ملا علی قاری قدس سرہٗ نے موضوعات کبیر میں فرمایا سرور عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے نور کا ظہور پورے عالم میں بدرجہ اتم ہے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے آپ کے نور کو ہی پیدا فرمایا اور آپ کو قرآن مجید میں (قدجاءکم من اللہ نور وکتاب مبین) نور کا خطاب دیا قرآن مجید میں ہے "یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم ویابی اللہ الا ان یتم نورہ" کفار اللہ تعالیٰ کے نور کو پھونکوں سے بجھانا چاہتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کا ارادہ فقط اپنے نور کی تکمیل ہے ارشاد باری ہے۔ اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ الآیہ۔ اللہ تعالیٰ ارض وسما کو منور فرمانے والا ہے حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دل انور میں نور الٰہی کی مثال یوں ہے جیسے کہ کسی طاق میں چراغ روشن ہو اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں ؎

اللھم اعطنی نورا۔ م۔ ن۔ س والمراد من الدعاء الثبات والدوام کما فی اھدنا الصراط المستقیم۔ وقال العلی القاری فی الموضوعات الکبیر اما نورہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ففی غایۃ الظھور شرقا وغربا واول ما خلق اللہ نورہ وسماہ فی کتابہ نورا وفی دعائہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اللھم اجعلنی نورا وفی التنزیل یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم ویابی اللہ الا ان یتم نورہ وقال تعالی اللہ نور السموات والارض مثل نورہ فی قلب محمد صلی اللہ علیہ وسلم وقال عز وجل ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور لکن ھذا النور لیس لہ الظھور الا فی عین اھل البصیرۃ فانھا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور وقال ابوھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اذا ضحک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

شمع دل مشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا — تیری صورت کیلئے آیا ہے سورہ نور کا

اللہ عزوجل وعلا نے فرمایا من لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور جسے اللہ تعالےٰ نور نہ دے اس کے پاس کچھ بھی نور نہیں لیکن اس نور کو صرف اہل بصیرت کی آنکھ ہی دیکھ سکتی ہے اس لئے کہ ظاہری آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ سینوں میں دل اندھے ہو جاتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکراتے تو دیواریں چمک اٹھتیں (بزار۔ بیہقی) یعنے دیواروں پر سورج کی روشنی پڑتی (مواہب لدنیہ) علامہ قسطلانی مواہب میں فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چاند اور سورج کی روشنی میں سایہ نہ تھا اس حدیث کو امام ترمذی نے حضرت ذکوان سے روایت کیا۔ ابن سبع نے کہا کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور مجسم تھے۔ جب آپ چاند اور سورج کی روشنی میں چلتے تو آپ کا سایہ ظاہر نہ ہوتا تھا بعض دیگر حضرات نے کہا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا دعا میں یہ قول اس کی تائید کرتا ہے کہ اے اللہ مجھے نور بنا۔ نیشاپوری نے کہا کہ آپ اس لئے نہیں لکھتے تھے کہ جب آپ ہاتھ میں قلم لیکر لکھنا چاہتے تو آپ کی انگشت مبارک اور قلم کا سایہ اللہ تعالیٰ کے اسم اور اس کے ذکر پر

یتلالؤ فی الجدر رواہ البزار والبیھقی ای یضیئ فی الجدر (بضم الجیم والدال جمع الجدار وھو الحائط) ای یشرق نورہ علیھا اشراقا کاشراق الشمس علیھا (مواھب لدنیہ) وقال العلامۃ القسطلانی فی ذالک الکتاب ولم یکن لہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ظل فی شمس ولا قمر رواہ الترمذی عن ذکوان وقال ابن سبع کان صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا مشی فی الشمس او القمر لا یظھر لہ ظل قال غیرہ ویشھد لہ قولہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی دعائہ واجعلنی نورا وقال النیساپوری انہ لم یکتب لانہ اذا کتب وعقد الخنصر یقع ظل قلمہ واصبعہ علی اسم اللہ تعالیٰ وذکرہ فلما کان ذالک قال اللہ تعالیٰ

لا جرم یا حبیبی لما لم ترد — ن یکون ظل القلم علی اسمی امرت

پڑتا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے حبیب جب آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا قلم میرے نام پ
اوپر ہو تو میں نے بھی لوگوں کو حکم دیدیا ہے کہ آپ کی تعظیم و تکریم کے لئے اپنی آواز
آپ کی آواز پر بلند نہ کریں اور چونکہ آپ نے یہ پسند نہیں کیا کہ قلم کا سایہ میرے
نام پر پڑے اس لئے میں نے آپ کا سایہ زمین پر پڑنے سے روک دیا ہے تاکہ
اس پر لوگوں کے پاؤں نہ آئیں بعض حضرات نے کہا کہ آپ نور محض ہیں اور نو
کا سایہ نہیں ہوتا اعلیحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑا نور کا — سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایہ نور کا

علامہ خفاجی شرح شفا میں فرماتے ہیں ارشاد قرآن ہے کہ آپ نور مبین ہیں او
آپ کا بشر ہونا نورانیت کے منافی نہیں جیسے کہ بعض نے وہم کیا اگر تجھے کچھ سمجھ ہو
تجھے پتہ چل جائیگا کہ آپ نور علیٰ نور ہیں اسلئے کہ نور اُسے کہتے ہیں جو خود ظاہر ہو اور
دوسروں کو ظاہر کرے اس کی پوری تفصیل امام غزالی کی تصنیف لطیف مشکوٰۃ الا
میں ہے امام نسفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے صحابۂ کرام یعنی عمر فاروق، عثمان غنی اور علی
رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دلائل ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بری
پر ذکر کئے عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی

الناس ان لا یرفعوا اصواتہم فوق صوتک تشریفا لک وتعظیما ولا ادع لسبب ذالک ظلک
یقع علی الارض صیانۃ لہ ان یوطاء بالاقدام قیل انہ نور محض ولیس للنور ظل وفی
شرح الشفا للعلامۃ الخفاجی وقد نطق القرآن بانہ النور المبین وکونہ بشرا لا ینافیہ
کما توہم فان فہمت فہو نور علی نور فان النور ہو الظاہر بنفسہ المظہر لغیرہ
وتفصیلہ فی مشکوۃ الانوار للغزالی رحمہ اللہ تعالیٰ وذکر النسفی رحمہ اللہ تعالیٰ
فی المدارک استدلالات الصحابۃ اعنی عمر وعثمان وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہم علی
براءۃ عائشۃ الصدیقۃ وذالک مثل ما یروی ان عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال لرسول
اللہ علیہ الصلوۃ والسلام انا قاطع بکذب المنافقین لان اللہ عصمک عن وقوع

کہ مجھے یقین ہے کہ منافقین جھوٹے ہیں اس لئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے جسد اطہر
کو مکھی کے بیٹھنے سے اس لئے محفوظ رکھا کہ وہ نجاستوں پر بیٹھ کر ان سے آلودہ ہو
جاتی ہے تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جو عورت ایسی بدکاری میں مبتلا ہو اللہ تعالیٰ آپ کو اس
کی صحبت سے محفوظ نہ رکھے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اللہ تعالیٰ نے آپ کے سایہ
کو زمین پر نہیں پڑنے دیا تاکہ کوئی انسان اس سایہ پر قدم نہ رکھدے جب اللہ
تعالیٰ نے کسی کو یہ قدرت نہ دی کہ آپ کے سایہ پر قدم رکھے تو وہ کسی کو یہ طاقت
کب دے گا کہ آپ کے حرم اقدس کی عصمت کو داغدار کرے۔ حضرت علی کرم اللہ
وجہہ نے عرض کی کہ آپ کو جبرائیل علیہ السلام نے اطلاع دی کہ آپ کے نعلین شریفین
کو کوئی چیز لگی ہوئی ہے اور کہا کہ آپ اسے اتار دیں اگر آپ کے حرم اقدس میں کوئی
عیب بھی ہوتا تو آپ سے کیوں نہ کہہ دیتے کہ انہیں گھر سے نکال دیں (مدارک) نبی اکرم
صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے اور مدینہ منورہ
کے قریب پہنچے تو لوگ استقبال کیلئے باہر نکلے عورتوں بچوں اور بچیوں کی زبان
پر تھا ہے

وداع کے پرسے کے پیچھے سے وہ ماہ منیر آیا — ہوئی سبکو خوشی اور ہم پہ شکر قدیر آیا

الذباب علی جلدک لانہ یقع علی النجاسات فیتلطخ بہا فلما عصمک اللہ من ذالک
القدر من القذر فکیف لا یعصمک عن صحبۃ من تکون متلطخۃ بمثل ہذہ الفاحشۃ وقال
عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایضا ان اللہ ما اوقع ظلک علی الارض لئلا یضع انسان
قدمہ علی ذالک الظل فلما لم یمکن احدا من وضع القدم علی ظلک کیف یمکن
احدا من تلویث عرض زوجتک وکذا قال علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ان جبرئیل
اخبرک ان علی نعلیک قذرا وامرک باخراج النعل لسبب ما التصق بہ من
القذر فکیف لا یامرک باخراجہا بتقدیر ان تکون متلطخۃ بشیء من الفواحش انتہی ولما رجع النبی
صلی اللہ علیہ وسلم من غزوۃ تبوک ودنا الی المدینۃ خرج الناس لتلقیہ وخرج النساء والصبیان والولائد

جب آپ مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اجا
لیکر مدح میں چند اشعار کہے جن میں سے ایک کا ترجمہ یہ ہے ؎

وقت پیدائش تمہارے نور سے سارا افق ۔۔۔ بر ملا روشن ہوا ہم کو ملا ہے راہِ حق

علامہ خفاجی نسیم الریاض میں فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی
پیدائش کے وقت ایک نور چمکا جس سے تمام زمین منور ہوگئی اور فرمایا اس حدیث
کو محدثین کی ایک جماعت نے روایت کیا ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا
شامہ نے کہا یوں معلوم ہوتا ہے اس نور کا ذکر قریش میں شہرت رکھتا تھا اسی کی طرف
حضرت عباس نے اشارہ کیا تھا ؎

وانت لما ولدت اشرقت الارض ۔۔۔ وضاءت بنورك الافق
ونحن فی ذالك الضياء والنور ۔۔۔ وسبل الرشاد نخترق

وقت پیدائش تمہارے نور سے سارا افق ۔۔۔ بر ملا روشن ہوا ہم کو ملا ہے راہِ حق

حضرت کعب بن زہیر کے مشہور قصیدے "بانت سعاد" کے ایک شعر سے
اس نور کے چرچے کا پتہ چلتا ہے جسے انہوں نے دربار رسالت میں پڑھا تھا ارشاد

(زرقانی علی المواہب لدنیہ)

اہل روشن ہو جس نور سے وہ ہیں رسول اللہ ۔۔۔ رگ باطل پہ شمشیر الٰہی ہیں رسول اللہ!

ابو بکر انباری کی روایت میں ہے کہ جب حضرت کعب اس شعر ان الرسول
النور الخ پر پہنچے تو حضور نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چادر مبارک جو آپ نے اوڑھ
رکھی تھی انہیں عطا فرما دی اسی چادر کے لئے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دس
ہزار درہم پیش کئے مگر حضرت کعب نے کہا کہ میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا
کپڑا کسی کو نہیں دے سکتا جب حضرت کعب کا انتقال ہوا تو حضرت امیر معاویہ نے ان
کے ورثاء کو بیس ہزار درہم دیکر وہ چادر شریف لے لی یہی وہ چادر ہے جو آج تک بادشاہوں
کے پاس چلی آرہی ہے (مواہب لدنیہ) نہایہ میں ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
جب مسکراتے تو آپ کا چہرہ آئینے سے بھی زیادہ صاف ہوتا حتیٰ کہ دیکھنے والا دیوار کا
عکس آپ کے چہرۂ انور میں صاف دیکھ لیتا۔ ابن ابی ہالہ کی روایت میں ہے
آپ کا چہرۂ انور بدر (چودھویں کے چاند) کی طرح درخشندہ تھا چاند سے تشبیہ اس لئے
دی کہ وہ روئے زمین کو منور کرنے کے ساتھ ساتھ ہر دیکھنے والے کو بھلا معلوم ہوتا ہے اس

یقلن ؎ طلع البدر علينا من ثنيات الوداع ۔۔۔ وجب الشكر علينا ما دعا لله داع
ولما دخل المدينة قال العباس رضی الله تعالى عنه يا رسول الله ائذن لی امتدحك قال قل
لا يفضض الله فاك فقال اشعارا منها

وانت لما ولدت اشرقت الارض ۔۔۔ وضاءت بنورك الافق
ونحن فی ذالك الضياء والنور ۔۔۔ وسبل الرشاد نخترق

قال العلامة الخفاجی فی نسيم الرياض وحديث النور الذی خرج معه اضاء له جميع الارض
رواه جماعة وصححه ابن حبان والحاكم وقال ابو شامة كان امر هذا النور اشتهر ذكره فی
قريش واليه اشار العباس كما مر بقوله وانت لما ولدت اشرقت الارض وضاءت
بنورك الافق (شرح الشفاء) ومما يدل على شهرة امر النور شعر كعب بن زهير فی
قصيدته المشهورة بقصيدة "بانت سعاد" التی قرء ها بحضرة النبی صلى الله تعالى عليه
وسلم كما فی زاد المعاد لابن القيم الجوزی والمواهب ؎ ان الرسول لنور يستضاء به
مهند من سيوف الله مسلول (لطيفه) وفی رواية ابی بكر الانباری انه لما
وصل الى قوله ان الرسول لنور البيت رمى عليه الصلوة والسلام بردة كانت عليه وان معاوية
رضی الله تعالى عنه بذل له عشرة آلاف فقال ما كنت لاوثر بثوب رسول الله صلى الله
تعالى عليه وسلم احدا فلما مات كعب بعث معاوية الى ورثته بعشرين الفا فاخذ
منهم قال وهی البردة التی عند السلاطين الى اليوم (مواهب) وفی النهاية انه عليه السلام
كان اذا اسر فكان وجهه كالمرآة وكان الجدر تلاحك وجهه ای يرى شخص
الجدر فی وجهه صلى الله تعالى عليه وسلم وفی حديث ابن ابی هالة يتلالؤ تلالؤ القمر ليلة البدر

میں تابانی ہے ایذا نہیں ۔ سورج سے اس لئے تشبیہ نہیں دی کہ اسے دیکھنے سے آنکھیں
چندھیا جاتی ہیں اس کی طرف پوری طرح سے نہیں دیکھا جا سکتا ۔ قمر سے تشبیہ دینے
کی بجائے بدر سے تشبیہ دینا زیادہ مشہور اور معروف ہے اس لئے کہ بدر (۱۴ ویں کا چاند) ہر
وقت کمال ہے (قمر چاند کو عام حالات میں کہا جاتا ہے)، جیسے کہ حضرت عمر فاروق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب آپ کو دیکھتے تو کہتے ؎

اگر تم لباس بشریہ میں نہ ہوتے — یقیناً سوائے بدر کے نہ ہوتے

یہ صرف تشبیہ نہیں بلکہ حقیقت ہے اس لئے کہ آپ اسماء عالیہ سے بدر بھی ایک
اسم ہے ۔ طلع البدر علینا !

کاف تشبیہ مت سمجھ اے صاحب علم وخرد — کالبدر میں کاف زائد ہے اگر انصاف ہو

فائدہ :۔ علامہ قسطلانی نے مواہب لدنیہ میں فرمایا آپ پر پوری طرح ایمان لانے
کے لئے یہ اعتقاد بھی ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے بدن شریف کو اس طرح پیدا
فرمایا کہ نہ آپ سے پہلے کوئی ہوا اور نہ بعد میں آپ کے جسد اقدس کی زیارت سے
آپ کی ذات گرامی کی عظمت کے دلائل ملتے ہیں اور آپ کے بلند اخلاق کے

ذالک لان القمر یملاء الارض بنورہ ویونس کل من شاھدہ وھو یجمع النور من غیر
اذیٰ ویتمکن من النظر الیہ بخلاف الشمس التی تغشی البصر فتمنع من تمکن الرؤیۃ، التشبیہ بالبدر
ابلغ فی العرف من التشبیہ بالقمر لانہ وقت کمالہ کما قال الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حین رآہ او
کلما رآہ ؎ لو کنت من شیء سوی البشر — کنت المنور لیلۃ البدر
ولقد صدق فی ھذا التشبیہ تحقیقا فمن اسمائہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم البدر ع طلع البدر علینا ؛ من
ثنیات الوداع ۔ ولقد احسن من قال ؎ کالبدر والکاف ان انصفت زائدۃ ؛
فیہ فلا تظنھا کاف التشبیہ (مواھب) فائدۃ قال القسطلانی فی المواھب اعلم ان
من تمام الایمان بہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الایمان بان اللہ تعالیٰ جعل خلق بدنہ الشریف علی وجہ لم
یظہر قبلہ ولا بعدہ خلق آدمی مثلہ فیکون ما یشاھد من خلق بدنہ آیات علی ما یتضح لک من عظیم خلق نفسہ

دیکھنے سے آپ کے دل انور کی رفعت کا پتہ چلتا ہے علامہ بوصیری نے کیا خوب کہا ہے ؎

کر لیا اللہ نے اس کو منتخب اپنا حبیب — کیونکہ اس میں حسن معنی حسن صورت تمام
ہے محاسن میں منزہ غیر کی شرکت سے وہ — حسن کا جوہر ہے جو اس میں وہ ہے نا منقسم

(مولانا محمد سعید پروفیسر دہلوی) یعنی حسن کامل کی حقیقت آپ میں ہی پائی جاتی ہے آپ
کو وہ کمال معنوی حاصل ہوا جو کسی اور کو حاصل نہ ہو سکا ۔ وہ حسن ناقابل تقسیم ہے اس
لئے کہ اگر وہ حسن منقسم ہوتا تو آپ کو اس کا کچھ حصہ ملتا اور آپ کا حسن کامل نہ رہتا
حدیث شریف میں ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک لشکر کے ساتھ تشریف
لے جاتے ہوئے ایک قبیلے کے پاس فروکش ہوئے اس قبیلے کے سردار نے کہا کہ آپ ہمیں
محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف بتائیں حضرت خالد بن ولید نے فرمایا مجھ میں اتنی
طاقت کہاں کہ آپ کے اوصاف تفصیلاً بیان کروں اس سردار نے کہا آپ اجمالاً ہی بیان
کر دیجئے آپ نے فرمایا اللہ کے رسول کی عظمت کا اندازہ بھیجنے والے کی عظمت سے کیا
جا سکتا ہے ۔ ابن منیر نے اسرار الاسرار میں بیان کیا حقیقت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم کے مرتبے کا اندازہ اور آپ کے حالات پر پوری طرح اطلاع پانا کسی انسان
کے بس کی بات نہیں ۔ قرطبی نے کتاب الصلوٰۃ میں بعض حضرات سے روایت کی
کہ ہمارے سامنے نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور پوری طرح ظاہر نہیں ہوا ورنہ

الکریمۃ وما یتضمن من عظیم الاخلاق نفسہ آیات علی ما تحقق لہ من سر قلبہ المقدس وللہ
در الابوصیری حیث قال ؎ فھو الذی تم معناہ وصورتہ + ثم اصطفاہ حبیبا باری النسم
منزہ عن شریک فی محاسنہ + فجوھر الحسن فیہ غیر منقسم یعنی حقیقۃ الحسن الکامل
حاصلۃ فیہ لانہ الذی تم معناہ دون غیرہ وھی غیر منقسمۃ بینہ وبین غیرہ والا لما
کان حسنہ تاما لانھا اذا انقسمت لم یلحقہ الا بعضہ فلا یکون تاما وفی الاثر ان خالد بن ولید
خرج فی سریۃ من السرایا فنزل ببعض الاحیاء فقال لہ سید ذالک الحی صف لنا محمدا فقال اما انی
افصل فلا فقال الرجل اجمل فقال الرسول علی قدر المرسل ذکرہ ابن المنیر فی اسرار الاسرار
فمن الذی یصل قدرہ ان یعرف قدر الرسول ... بلغ من الاطلاع علی ما ثور احوالہ ...

ہم آپ کو دیکھ بھی نہ سکتے علامہ بوصیری نے سچ فرمایا ہے ؎

سمجھے اس نورِ مجسم کی حقیقت کیا کوئی　　قرب ہو یا بُعد ہے بہت میں سارے یکساں
ہے وہ سورج دور سے دیکھو تو لگتا ہے صغیر　　پاس سے دیکھو تو بیشک آنکھیں چندھیا جائیں

(مولانا محمد سعید پروفیسر دہلوی تبخیر) آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ اعجازِ مجسم ہیں ارشاد
باری تعالیٰ ہے یا ایھا الناس قد جاءکم برھان من ربکم وانزلنا الیکم نورا مبینا
(اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے برہان (دلیل) آیا اور ہم نے
تمہاری طرف واضح نور بھیجا) مدارک میں ہے برہان سے رسول کریم مراد ہیں جو منکر کو
معجزات کے ذریعے مغلوب کر لیتے ہیں علامہ اسماعیل حقی رحمہ اللہ تعالیٰ روح البیان
میں آیہ مبارکہ کے تحت لکھتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو کوئی نہ کوئی معجزہ عطا فرمایا
تاکہ امت کے سامنے دعویٰ نبوت کو ثابت کر سکیں لیکن ہمارے آقا و مولا صلے اللہ

حکی القرطبی فی کتاب الصلوٰۃ عن بعضھم انہ قال لم یظھر لنا تمام حسنہ صلی اللہ
علیہ وسلم لانہ لو ظھر لنا تمام حسنہ لما اطاقت اعیننا رؤیتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ولقد احسن الابوصیری ایضا حیث قال ؎

اعیا الوریٰ فہم معناہ فلیس یریٰ　　للقرب والبعد فیہ غیر منفحم
کالشمس تظھر للعینین من بعد　　صغیرۃ وتکل الطرف من امم

ومن آیاتہ الدالۃ علی ان خلقتہ الکریمۃ بتمامھا معجزۃ قولہ تعالیٰ یا ایھا الناس قد
جاءکم برھان من ربکم وانزلنا الیکم نورا مبینا قال فی المدارک ای رسول یبھر
المنکر بالاعجاز وقال الاسماعیل الحقی فی روح البیان تحت ھذہ الآیۃ ان اللہ
تعالیٰ اعطیٰ لکل نبی آیۃ وبرھانا لیقیم بھا الحجۃ علی الامۃ وجعل نفس النبی
برھانا منہ وذالک لان برھان الانبیاء کان فی الاشیاء غیر انفسھم
مثل ما کان برھان موسیٰ فی عصاہ وفی الحجر الذی انفجرت منہ اثنتا عشرۃ
عینا وکان نفس النبی علیہ السلام برھانا بالکلیۃ فکان برھان عینہ ما قال الانس

تعالیٰ علیہ وسلم کو سراپا معجزہ بنا کر بھیجا ؎

دیئے معجزے انبیاء کو خدا نے　　ہمارا نبی معجزہ بن کے آیا!!

دیگر انبیاء کرام کے اکثر معجزے ان کی ذوات قدسیہ کے علاوہ اور چیزیں تھیں
مثلاً حضرت موسےٰ علیہ السلام کا اعجاز عصائے شریف میں تھا اور اس پتھر میں
جس سے بارہ چشمے بہہ پڑے مگر نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سراپا معجزہ تھے
آپ کی چشم اقدس کا اعجاز یہ تھا کہ آپ نے یہ فرمایا مجھ سے پہلے رکوع و سجود نہ کیا
کرو اس لئے کہ میں جس طرح آگے دیکھتا ہوں اسی طرح پیچھے بھی دیکھتا ہوں مواہب
لدنیہ میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم رات کی تاریکی میں اسی طرح دیکھتے تھے جس طرح آپ دن کی روشنی میں
دیکھتے تھے (بخاری شریف) ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے
روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مجھے قبلہ رخ دیکھتے ہو
خدا کی قسم نہ تمہارا رکوع مخفی ہے نہ سجود بے شک میں تمہیں پس پشت دیکھتا ہوں،

بالرکوع والسجود فانی اراکم من خلفی کما اراکم من امامی
الی آخرھا قال فی المواھب عن ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما
قال کان رسول اللہ یری باللیل فی الظلمۃ کما یری فی النھار
فی الضوء رواہ البخاری وعن عائشۃ رضی اللہ تعالےٰ
عنہا کان رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ
علیہ وسلم یری فی الظلماء کما یری
فی الضوء رواہ البیہقی وعن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالےٰ
عنہ انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ھل ترون قبلتی ھٰھنا فواللہ
ما یخفی علی رکوعکم ولا سجودکم انی لاراکم من
وراء ظھری رواہ البخاری ومسلم وعند مسلم من

(بخاری و مسلم) مسلم شریف میں حضرت انس رضی تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسو
اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو میں تمہارا امام ہوں تم مجھ سے پہلے رکوع
سجود نہ کیا کرو کیونکہ تم آگے ہو یا پیچھے بہر صورت میں تمہیں دیکھتا ہوں ۔ آیہ مبارک
الذی یراک حین تقوم وتقلبک فی السّٰجدین کے متعلق حضرت مجاہد نے فرمایا
آپ جیسے آگے دیکھتے تھے اسی طرح آپ پچھلی صفوں کو بھی دیکھتے (حمیدی و ابن
آپ کی سماعت شریفہ کے اعجاز کے متعلق اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ آپ فرماتے تھے
وہ کچھ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور میں وہ کچھ سُنتا ہوں جو تم نہیں سنتے آ
چرچراتا ہے اور اسے حق بھی ہے کیونکہ اس میں چار انگشت بھی ایسی جگہ نہیں جہاں
کسی فرشتے نے اپنی جبین نیاز اللہ تعالیٰ کے سامنے نہ رکھی ہوئی ہو (ترمذی حن
روایۃ ابی ذر) حضرت حکیم بن حزام سے ابو نعیم نے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم شمع رسالت کے پروانوں کے درمیان تشریف فرما تھے آپ نے فرمایا کیا ج
کچھ میں سنتا ہوں تمہیں بھی سنائی دیتا ہے صحابہ نے عرض کی نہیں تو کچھ سنائی نہیں د
آپ نے فرمایا مجھے آسمان کے چرچرانے کی آواز سنائی دیتی ہے اور آسمان اس بات

روایۃ انس انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ایہا الناس انی امامکم فلا تسبقونی بالرکو
ولا بالسجود فانی اراکم من امامی ومن خلفی وعن مجاھد فی قولہ تعالیٰ الذی
یراک حین تقوم وتقلبک فی السّٰجدین قال کان یری من خلفہ من الصفوف
کما یری من بین یدیہ رواہ الحمیدی وابن المنذر واما سمعہ الشریف
فحسبک انہ قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انی اریٰ ما لا ترون واسمع ما لا تسمعو
اطت السماء وحق لہا ان تئط لیس فیہا موضع اربع اصابع الا وملک واضع جبہتہ
ساجدا للہ رواہ الترمذی من روایۃ ابی ذر ورواہ ابو نعیم من حکیم بن حزام بینا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی اصحابہ اذ قال لہم تسمعون ما اسمع قالوا ما نسمع من شیء قال انی لاسمع
اطیط السماء وما تلام ان تئط ما فیہا موضع شبر الا وعلیہ ملک ساجد ا

اللہ عزوجل اس لئے کہ اس میں بالشت بھر بھی ایسی جگہ نہیں جہاں کوئی فرشتہ سجدہ
یا قیام نہ ہو (مواہب لدنیہ) اسی طرح آپ کے ہر عضو شریف میں اعجاز پایا جاتا
اہل یقین کیلئے اتنی تفصیل ہی کافی ہے جسے مزید تفصیل درکار ہو وہ مواہب لدنیہ
دیکھ سکتا ہے اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے راہ راست کی ہدایت عطا فرماتا ہے ۔

باب دوم

مُنکرین کے اعتراضات کے جوابات

پہلا اعتراض تم نے یہ روایت بیان کی ہے کہ ان اللہ خلق قبل الاشیاء نور النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من نورہ (اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے قبل نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کو اپنے نور سے پیدا فرمایا) تمہارے اس قول سے لازم آتا ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور اللہ تعالیٰ کے نور کا جزء ہو کیونکہ

قائم من المواھب وکذا الاعجاز سائر اعضائہ الشریفۃ ولا یسع ھذا المختصر مفصلا
وفیما ذکرنا کفایۃ للموقنین ومن اراد الزیادۃ فلیرجع الی المواھب واللہ یھدی
من یشاء الی صراط مستقیم ۔

الباب الثانی فی دفع شبہات المنکرین !

الشبھۃ الاولٰی قالوا انما ادعیتم ان اللہ تعالیٰ خلق قبل الاشیاء نور النبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من نورہ وکلمۃ من تستعمل للتبعیض فی کلام العرب واللہ تعالیٰ لیس بمتبعض
ولا متجز ویلزم من ھذا القول جزئیۃ نور النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

لفظِ مِنْ "کلام عرب میں جزئیت کے لئے آتا ہے حالانکہ یہ ناممکن ہے اس لئے کہ کوئی
چیز بھی اللہ تعالیٰ کی جزء نہیں اور نہ ہی اس کی تقسیم ہو سکتی ہے۔

جواب کلمۂ مِنْ "تبعیض اور جزئیت کے علاوہ بہت سے معانی کیلئے آتا
ان میں سے ایک معنی ابتداء غایت بھی ہے جیسے کہا جاتا ہے سِرتُ
البصرۃِ اِلی الکوفۃ (میرے سفر کی ابتداء بصرے سے اور انتہا کوفے پر ہوئی) اس جگہ بھی
مِن نُورِہٖ میں لفظ مِنْ "ابتداء غایت کیلئے ہے لہٰذا حدیث شریف ان اللہ خلق
قبل الاشیاء نور نبیک من نورہٖ کا معنے یہ ہوگا کہ اس نور شریف کا مبداء نور الٰہی
اور بقیہ انوار نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسط سے پیدا ہوئے علامہ بوصیری
فرماتے ہیں ؎

معجزے جتنے کہ لائے تھے رسولانِ کرام	نسبت اُن کے نور سے جا ملتی ہے سبکی
آفتاب فضل ہے وہ سب تارے اس کے تھے	ظلمتوں میں نور پھیلایا جنہوں نے بخشش و

(مولانا محمد سعید صاحب پروفیسر دہلوی) معترض کو لاجواب کرنے والی مثال اللہ تعالیٰ
کا یہ قول ہے انما المسیح عیسی ابن مریم رسول اللہ وکلمتہ القاھا الی مریم
وروح منہ اگر روح منہ میں کلمہ مِن کو جزئیۃ پر محمول کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کا صاحبِ
اجزاء ہونا لازم آئیگا جیسے کہ عیسائیوں کا گمان ہے حالانکہ یہ باطل محض ہے لہٰذا

وھذا مستحیل فی شانہ تعالیٰ قلنا کلمۃ من تستعمل لمعان متعددۃ سوی التبعیض ومنہا
کونہا لابتداء الغایۃ کما فی قولھم سرت من البصرۃ الی الکوفۃ وغیر ذالک فمن فی ھذا
المقام لابتداء الغایۃ فمعنی قول النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اللہ خلق قبل الاشیاء
نور نبیک من نورہٖ ان ابتداء خلق ذالک النور الشریف من نور اللہ تعالیٰ وبقیۃ الانوار مخلوقۃ
بواسطۃ النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وللہ در الابوصیری رحمہ اللہ تعالیٰ حیث قال

وکل آیٍ اتی الرسل الکرام بھا	فانما اتصلت من نورہٖ بھم
فانہ شمس فضل ھم کواکبھا	یظہرن انوارھا للناس فی الظلم

جواب میں مِن کو ابتداء غایت پر محمول کیا جائیگا۔ جیسے کہ حدیث مذکور میں ہے معنی یہ ہوگا
کہ عیسیٰ علیہ السلام کی خلقت کا مبدء اللہ تعالیٰ باپ کے واسطہ کے بغیر ہے (یعنی اللہ تعالیٰ
نے آپ کو باپ کے بغیر پیدا فرمایا) جیسے کہ خود اس آیہ مبارکہ میں وکلمتہ القاھا الی مریم
کی طرف اشارہ ہے یعنی حضرت عیسےٰ علیہ السلام باپ اور نطفے کے واسطے کے بغیر کلمہ
کن سے پیدا ہوئے گو تمام مخلوق کلمہ کن سے پیدا ہوتی ہے لیکن اکثر اوقات درمیان
میں وسائط آجاتے ہیں جیسے کہ بچے کی پیدائش میں باپ کا واسطہ آجاتا ہے۔ تفسیر
مدارک میں وروح منہ کے تحت لکھا یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے پیدا
ہوئے جیسے کہ وسخر لکم ما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ (ارض وسماکی
تمام چیزیں تمہارے فائدے کیلئے ہیں ان سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا)
علمی لطیفہ صاحب مدارک اور علامہ اسماعیل حقی رحمہما اللہ تعالےٰ
نے اس جگہ ایک عجیب حکایت بیان کی ہے تفریحِ خاطر کیلئے اسے ذکر کر دینا مناسب

والمثال الواضح المبین المسکت للخصم قولہ تعالیٰ انما المسیح عیسی ابن مریم رسول اللہ
وکلمتہ القاھا الی مریم وروح منہ فلو حمل کلمۃ من فی ھذا المقام علے التبعیض یلزم التجزی
فی ذات اللہ تعالیٰ کما زعمت النصاریٰ وھو باطل فمن ھذہ لابتداء الغایۃ کما فی الحدیث
المذکور ای ابتداء خلق عیسیٰ علیہ السلام من اللہ بغیر توسط الاب کما اشار الی ھذا
المعنی فی سیاق الایۃ بقولہ وکلمتہ القاھا الی مریم ای تکون بکلمۃ کن من غیر واسطۃ اب
ونطفۃ وان کان تکوین الخلق کلہ بکلمۃ کن ولکن ربما توجد الوسائط کتکوین الابن
بواسطۃ الاب فافھم وفی المدارک فی تفسیر قولہ تعالیٰ وروح منہ ای بتخلیقہ وتکوینہ
کقولہ تعالیٰ وسخر لکم ما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ

ومن اللطائف!

ما ذکر صاحب المدارک والاسماعیل الحقی فی ذالک المقام حکایۃ عجیبۃ فلا
بأس علینا ان نوردھا تشحیذ الاذھان الناظرین

رہے گا۔ ہارون الرشید کا معالج ایک عیسائی تھا وہ خوبصورت اور نوعمر تھا
ادب اور تمام اُن عادات میں کمال رکھتا تھا جن کے ذریعے بادشاہوں تک
رسائی حاصل ہو سکے ہارون الرشید کی شدید خواہش تھی کہ وہ مسلمان ہو جائے
لیکن وہ تیار نہ ہوتا تھا۔ ہارون الرشید نے اس سے طرح طرح کے انعامات
کے وعدے کئے مگر وہ نہ مانا۔ ایک دن خلیفہ ہارون الرشید نے اسے کہا
کہ تو کیوں ایمان نہیں لاتا اس نے کہا بات یہ ہے کہ خود تمہاری کتاب میں اسلام
کے ماننے والے کے خلاف دلیل ہے ہارون الرشید نے کہا وہ کیا ہے اس نے
یہ آیت پیش کی وکلمتہ القاھا الی مریم وروح منہ اس کا مقصد یہ تھا کہ اس آیت
سے حضرت عیسٰے علیہ السلام کا اللہ تعالیٰ کی جزء ہونا ثابت ہوتا ہے یہ سن کر ہارون
الرشید کو پریشانی ہوئی اور اس نے وقت کے علماء کو جمع کیا مگر ان میں کوئی ایسا
نہ تھا جو اس شبہے کا جواب دیتا۔ کسی نے ہارون الرشید سے کہا کہ خراسان سے

روی انہ کان لہارون الرشید طبیب نصرانی وکان غلاما حسن الوجہ جدا
وکان کامل الادب جامعا للخصال التی یتوصل بہا الی الملوک وکان الرشید
مولعا بان یسلم وھو یمتنع وکان الرشید یمنیہ الامانی ان اسلم فابی فقال لہ
ذات یوم مالک لا تؤمن قال ان فی کتابکم حجۃ علی من انتحلہ قال وما ھی قال
قولہ تعالٰی۔ وکلمتہ القاھا الی مریم وروح منہ
فعنی بھذا ان عیسٰی علیہ السلام جزء منہ فضاق قلب الرشید و
جمع العلماء فلم یکن فیھم من یزیل شبھۃ
حتی قیل لہ قد وفد الحجاج من خراسان
وفیھم رجل یقال لہ حسین بن واقد من اھل مرو
وھو امام فی علم القرآن فدعاہ فجمع بینہ وبین الغلام
فسئل الغلام فاستعجم علیہ الجواب فی الوقت

حاجیوں کا قافلہ آیا ہے ان میں اہل مرو میں سے علی بن حسین واقدی بھی ہیں وہ
علم قرآن کے امام ہیں انہیں بلایا گیا اس عیسائی نوجوان نے پھر وہی سوال کیا
حسین بن واقد بر وقت جواب نہ دے سکے انہوں نے فرمایا اے امیر المؤمنین
اللہ تعالےٰ کے علم میں یہ بات یقیناً تھی کہ مجھ سے تیری مجلس میں یہ خبیث یہ سوال کریگا
اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کو اسکے جواب سے خالی نہ رکھا ہوگا فی الحال اس کا جواب میرے ذہن
میں نہیں اسکا مجھے رب العزت کی قسم ہے میں اس وقت تک کچھ کھاؤں گا اور نہ
پیوں گا جب تک کہ بفضلہ تعالیٰ اس کا جواب تلاش کر لوں اور تاریک کمرے
میں داخل ہو کر دروازہ بند کر لیا اور قرآن مجید پڑھنا شروع کر دیا حتیٰ کہ سورۃ
جاثیہ کی اس آیت تک پہنچ گئے وسخر لکم ما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ
انہوں نے بلند آواز سے فرمایا دروازہ کھول دو مجھے جواب مل گیا اور عیسائی نوجوان
کو بلا کر ہارون الرشید کے سامنے اسے یہ آیہ مبارکہ سنائی اور کہا کہ اگر قرآن مجید
کی اس آیت وروح منہ سے حضرت عیسٰے علیہ السلام کا اللہ تعالیٰ کی جزء ہونا ثابت ہوتا

وقال علی اللہ یا امیر المؤمنین فی سابق علمہ ان ھذا الخبیث یسألنی فی
مجلسک ھذا وانہ لم یخل کتابہ عن جوابہ وانہ لم یحضرنی الآن وللہ علی
ان لا اطعم ولا اشرب حتی ادری الذی یجب من الحق ان شاء اللہ تعالٰی
ودخل بیتا مظلما واغلق علیہ بابہ واندفع فی قراءۃ القرآن حتی بلغ من
سورۃ الجاثیۃ وسخر لکم ما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ
فصاح باعلیٰ صوتہ افتحوا الباب فقد وجدت الجواب ففتحوا ودعا
الغلام فقرأ علیہ الآیۃ بین یدی الرشید وقال ان کان قولہ وروح منہ
یوجب ان یکون عیسٰے بعضا منہ وجب ان یکون ما فی السموات وما فی
الارض بعضا منہ فانقطع النصرانی واسلم وفرح الرشید فرحا شدیدا
ووصل علی بن حسین الواقدی المروزی بصلۃ جیدۃ فلما عاد علی بن

ہے تو مذکورہ بالا آیت جمیعاً منہ سے لازم آئیگا کہ زمین و آسمان کی تمام چیز
اللہ تعالیٰ کی جزء بن جائیں وہ عیسائی لاجواب ہوگیا اور مسلمان ہوگیا ہارون الرشید
کو بے حد خوشی ہوئی اور علی ابن حسین واقدی مروزی کو بہترین انعام و اکرام سے نوا
علی بن حسین نے مرو واپس جاکر ایک کتاب کتاب النظائر فی القرآن تصنیف فرمائی
جس کا مقابلہ دوسری کوئی کتاب نہیں کرسکتی۔ اے عزیز جب تونے ارشاد باری تعالیٰ
وروح منہ اور وما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ کا معنے سمجھ لیا تو تجھ
حبیب باری تعالیٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان۔ ان اللہ خلق قبل الاشیاء
نور نبیك من نورہ کا معنی سمجھنا مشکل نہ ہوگا اسی لئے علامہ زرقانی نے من نورہ
کی تفسیر فرمائی کہ اس نور کیلئے پیدا فرمایا جو اللہ تعالیٰ کی ذات کا عین ہے یہ معنی نہیں کہ
ذات باری تعالیٰ آپ کے نور کیلئے مادہ ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ بلا واسطہ اللہ
تعالیٰ کے ارادے کا آپ کے وجود مسعود سے تعلق ہوا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو
پیدا فرمادیا۔

دوسرا شبہ مخالفین کہتے ہیں کہ تم نے یہ روایت بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

الحسين الى مرو وصنف كتابا سماه كتاب النظائر فى القرآن وهو كتاب
لا يوازيه كتاب واذا انتقش بهذا على صحيفة خاطرك
معنى قوله تعالى وروح منه ومعنى وما فى السموات وما فى الارض جميعا
منه فانظر الى معنى قوله صلى الله تعالى عليه وسلم
ان الله قد خلق قبل الاشياء نور نبيك من نوره
ولذا فسره الزرقانى اى من نور هو ذاته لا بمعنى
انها مادة خلق نوره فيها بل بمعنى تعلق الارادة
به بلا واسطة شيئ فى وجوده

الشبهة الثانية قالوا ادعيتم ان الله خلق قبل الاشياء نور النبى صلى الله تعالى عليه

کو پیدا فرمایا یہ حدیث اگر صحیح ہو تو حضرت عبادہ ابن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کی روایت اس کے خلاف ہے کہ رسول کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ
تعالیٰ نے پہلے قلم کو پیدا فرمایا اور اسے فرمایا کہ لکھ اس نے عرض کی کہ کیا لکھوں فرمایا
تقدیر لکھ اس نے جو کچھ ہوچکا اور جو کچھ ابد تک ہونے والا ہے سب لکھ دیا۔
(ترمذی شریف) تمہارا دعویٰ ہے کہ سب سے پہلی مخلوق نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کا نور ہے اس دعویٰ پر ایسی حدیث سے استدلال کیسے صحیح ہوسکتا ہے
جس کے مخالف ایک اور حدیث موجود ہے!

جواب ان حدیثوں میں ہرگز مخالفت نہیں کیونکہ مواہب میں ہے کہ اولیت کی
دو قسمیں ہیں اولیت حقیقی (سب سے پہلے ہونا) اولیت اضافی (یعنی
بعض سے پہلے ہونا) قلم تخلیق میں نور نبوی کے علاوہ مخلوقات سے پہلے ہے سب سے پہلے جسے
پیدا کیا گیا ہے وہ نور محمدی ہی ہے البتہ اس میں اختلاف ہے کہ نور محمدی کے بعد تخلیق میں
قلم دوسری تمام مخلوقات سے مقدم ہے یا نہیں ابوالعلیٰ ہمدانی کہتے ہیں اصح یہ ہے کہ عرش قلم

وسلم من نوره فهذا الحديث على تقدير صحته معارض لحديث عبادة بن
صامت حيث قال قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ان اول ما خلق
الله القلم فقال له اكتب قال ما اكتب قال اكتب القدر فكتب ما كان وما هو
كائن الى الابد رواه الترمذى وانتم ادعيتم ان اول المخلوقات
نور النبى صلى الله تعالى عليه وسلم فكيف يصح استدلالكم بالحديث
المتعارض قلنا لا تعارض بين الحديثين لان الاولية على قسمين اولية
حقيقية واولية اضافية فاولية القلم بالنسبة
الى ما عدا النور النبوى المحمدى كما فى المواهب
وقد اختلف هل القلم اول المخلوقات بعد النور المحمدى
فقال الحافظ ابو العلاء الهمدانى الاصح ان العرش قبل القلم لما

سے پہلے ہے اس لئے کہ حدیث صحیح میں عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے
کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ارض وسما کی تخلیق سے پچاس
ہزار سال پہلے مخلوقات کی مقدار مقرر فرما دی اس وقت اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا۔ یہ
حدیث صریح ہے کہ تقدیر عرش کی پیدائش کے بہت بعد ہے یہ تقدیر و تعیین قلم کو پیدا کر
ہی واقع ہوئی۔ چنانچہ حضرت عبادہ ابن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت
ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے جس چیز کو پیدا فرمایا وہ قلم ہے اسے فرمایا کہ لکھ اس نے عرض
کی اے رب کیا لکھوں فرمایا ہر شے کی مقدار لکھ دے اس کی روایت امام احمد و ترمذی
نے کی اور اسے صحیح قرار دیا نیز انہوں نے ابو رزین عقیلی سے مرفوعاً روایت کی پانی عرش
سے پہلے پیدا کیا گیا۔ سدی نے متعدد سندوں سے یہ روایت کی کہ اللہ تعالیٰ نے پانی سے
پہلے کسی کو پیدا نہیں کیا لہٰذا (اول ما خلق اللہ نوری اور اول ما خلق اللہ القلم) میں اس طرح
تطبیق دی جائیگی کہ نور محمدی پانی اور عرش کے علاوہ اشیاء سے پہلے قلم کو پیدا کیا گیا
(مواہب لدنیہ کا کلام ختم ہوا) بعض علماء نے کہا کہ ہر ایک میں اولیت اضافی ہے یعنی اپنی
میں سب سے پہلے نور محمدی پیدا کیا گیا اسی طرح باقیوں میں اس مقام میں عارف ربانی سید

ثبت فی الصحیح عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم قدر اللہ مقادیر الخلق قبل ان یخلق السموات والارض بخمسین
الف سنۃ وکان عرشہ علی الماء فہذا صریح ان التقدیر بعد خلق العرش ووقع
عند اول خلق القلم لحدیث عبادۃ ابن صامت مرفوعاً اول ما خلق اللہ القلم
قال لہ اکتب قال رب وما اکتب قال اکتب مقادیر کل شئی رواہ احمد والترمذی
وصححہ ورویا من حدیث ابی رزین العقیلی مرفوعاً ان الماء خلق قبل العرش
وروی السدی باسانید متعددۃ ان اللہ لم یخلق شیئاً مما خلق قبل الماء فیجمع بینہ وبین
قبلہ بان اولیۃ القلم بالنسبۃ الی ما عدا النور النبوی المحمدی والماء والعرش انتہی وقیل الاولیۃ
کل بالاضافۃ الی جنسہ ای اول ما خلق اللہ من الانوار نوری وکذا فی باقیہا والشیخ العارف الربانی سید

الشیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی کتاب مبارک سر الاسرار میں کلام دقیق فرماتی
فرمایا ہے جو کہ لائق غور ہے فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے پہلے
میری روح کو پیدا فرمایا یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا ایک حدیث میں
ہے کہ پہلے عقل کو پیدا فرمایا ایک اور حدیث میں ہے کہ پہلے قلم کو پیدا فرمایا ان سب سے
شئی واحد یعنے حقیقت محمدیہ مراد ہے اسے نور اس لئے فرمایا کہ وہ ظلمتوں سے پاک ہے چنانچہ
ارشاد باریتعالیٰ ہے قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ اور عقل اس لئے
کہ وہ مدرک کلیات (و جزئیات) ہے اور قلم اس لئے فرمایا کہ وہ عالم حروف کی طرف
علم کے منتقل ہونے کا سبب ہے اقبال کہتے ہیں ؎

لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود الکتاب
گنبد آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب

فلک نیلی فام بھی تیرے سمندر میں حباب

تیسرا شبہ نبی اکرم نور مجسم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کے منکر ارشاد باریتعالیٰ
قل انما انا بشر مثلکم (تم فرماؤ ظاہر صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں)
اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ آپ اپنی بشریت کا اعلان فرما دیں جو بشر
ہو وہ نور نہیں ہو سکتا۔ تم کس طرح کہتے ہو کہ نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور ہیں!

عبد القادر الجیلانی قدس سرہ العزیز ہہنا کلام دقیق بالتامل حقیق فی کتابہ سر الاسرار حیث قال
قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول ما خلق اللہ روحی واول ما خلق اللہ نوری واول ما
خلق اللہ العقل واول ما خلق اللہ القلم والمراد منہم شئی واحد وھو الحقیقۃ المحمدیۃ صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم لکن یسمی نوراً لکونہ صافیاً من الظلمات کما قال اللہ تعالیٰ قد جاءکم
من اللہ نور وکتاب مبین وعقلا لکونہ مدرکا للکلیات وقلما لکونہ سببا لنقل العلم فی
عالم الحروف انتہی

الشبہۃ الثالثۃ تمسک المنکرون لنورانیۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بقولہ تعالیٰ قل انما انا
بشر مثلکم یوحی الی الآیۃ بان اللہ تعالیٰ امر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بتسلیم البشریۃ وبیان البشریۃ
والنوریۃ متنافیان فکیف تقولون انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور

جواب بشر ہونا نور ہونے کے منافی نہیں ایسے ہی بشر ہونا رسول ہونے کے منافی نہیں جیسے کہ رسولوں کی رسالت کے منکرین نے کہا تھا قرآن مجید میں ہے (کافروں نے کہا تم تو ہم جیسے بشر ہو۔ تم ہمیں ہمارے باپ دادا کے معبودوں سے روکتے ہو) رسولانِ ذی شرف علیہم السلام نے ارخاء عنان کے طور پر مخالفین کے بعض اقوال کو مانتے ہوئے فرمایا یہ صحیح ہے کہ صورت ظاہری میں بظاہر ہم تمہاری طرح ہی ہیں ولکن اللّٰہ یمن علی من یشاء من عبادہ۔ لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے احسان فرماتا ہے انہیں نبوت اور اس کے علاوہ ایسی کامل صفتیں عطا فرماتا ہے جو عام آدمیوں کی حیثیت سے بالا ہوتی ہیں جس طرح انبیاء ورسل کی بشریت کو ماننے سے ان کی رسالت کا انکار لازم نہیں آتا اسی طرح بشریت کو ماننے سے نور ہونے کا انکار لازم نہیں اسی بنا پر کہا جاتا ہے کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشریت بھی دوسرے آدمیوں سے ماوراء ہے ؎

محمد گو بشر ہیں لیک فخر آدمیت ہیں ۔۔۔ چنانچہ خونِ آہو میں فضیلت مشک اذفر کو

تحقیق یہ ہے انبیاء ورسل کی دو حیثیتیں ہیں ایک نور ہونے کی اور دوسری بشر ہونے کی نور ہونے کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ سے وحی (اور اسکے علاوہ فضائل) کا فیض حاصل کرتے ہیں اور بشر ہونے کی حیثیت سے لوگوں کو انعامات الٰہیہ عطا کرتے ہیں (رب ہے معطی یہ ہیں قاسم ؛ رزق اس کا ہے کھلاتے یہ ہیں (اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ) انبیاء کرام گویا اللہ تعالیٰ اور اپنی امتوں کے درمیان واسطہ ہیں جیسے کہ قاضی بیضاوی نے افادہ فرمایا آیۂ مبارکہ واذ قال ربك للملائكة انی جاعل فی الارض خلیفة کے تحت فرماتے ہیں خلیفہ سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں اس لئے کہ آپ اور دیگر انبیاء کرام زمین میں اللہ تعالیٰ کے خلیفہ تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں زمین کی آبادی لوگوں کے معاشی نظام ان کے نفوس کی تکمیل اور ان میں اپنے حکم کو نافذ کرنے کیلئے خلیفہ بنایا کسی کو خلیفہ یا تو اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اصل مثلاً بادشاہ تمام کام سرانجام دینے سے عاجز ہے یا کہیں جا رہا ہے یا مر جاتا ہے اللہ تعالیٰ ان تمام وجوہ سے پاک ہے پھر اس نے خلیفہ کیوں بنایا) خلیفہ بنانے کی وجہ یہ نہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کو کوئی ضرورت اور احتیاج تھی وجہ یہ تھی کہ دوسرے لوگوں میں کمی اور نقص تھا وہ براہ راست اللہ تعالیٰ کے فیض اور اس کے احکام کو حاصل نہ کر سکتے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے کسی فرشتے کو نبی نہ بنایا ارشاد باری تعالیٰ ہے لو جعلناہ ملکا لجعلناہ رجلا اگر ہم کسی فرشتے کو نبی بناتے تو اسے بھی بصورت مرد ظاہر کرتے) دیکھئے چونکہ انبیاء کرام علیہم السلام

قلنا لا منافاة بین البشریة والنوریة کما لا منافاة بین البشریة والرسالة کما ادعاها المنکرون لرسالة الرسل کما حکی اللہ تعالیٰ قولهم ان انتم الا بشر مثلنا تریدون ان تصدونا عما کان یعبد آباؤنا فاجاب الرسل علیهم السلام ایاهم علی سبیل ارخاء العنان وتسلیم لبعض مقدمات الخصم ان نحن الا بشر مثلکم ولکن اللہ یمن علی من یشاء من عبادہ ای باعطاء الرسالة وغیر ذلك من الصفات الفاضلة التی لا تکاد توجد فی عامة البشر فکما لا یلزم من تسلیم البشریة نفی الرسالة کذا لا یلزم من تسلیم البشریة نفی النوریة ولذا قیل فی صفة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بشر لا کالابشار کما ان الیاقوت حجر لا کالاحجار ؎ وان تفق الانام وانت منهم ۔ فان المسك بعض دم الغزال

والتحقیق ان الرسل علیهم السلام تکون لهم جهتان جهة النوریة وجهة البشریة فبنوریتهم یستفیضون الوحی من اللہ تعالیٰ وببشریتهم یفیضون علی الناس فهم کالواسطة بین اللہ تعالیٰ وبین اممهم کما افاد القاضی البیضاوی رحمه اللہ تعالیٰ فی تفسیر قوله واذ قال ربك للملائكة انی جاعل فی الارض خلیفة الآیة والمراد به آدم علیه السلام لانه کان خلیفة اللہ فی ارضه وکذلك کل نبی استخلفهم فی عمارة الارض وسیاسة الناس وتکمیل نفوسهم وتنفیذ امره فیهم

لو کان خلیفة بمعنی ... بل لقصور المستخلف علیهم

؎ قوله لقصور المستخلف علیه لما انه فی غایة الکدورة وذاته تعالیٰ فی غایة التقدس والمناسبة شرط فی قبول الفیض علی ما جرت به العادة الالٰهیة فلا بد من توسط ذی جهتین التجرد والتعلق یستفیض من جهة ویفیض باخری ۱۲ حواشی بیضاوی (ترجمہ) کیونکہ عام آدمی انتہائی کدورت میں ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ذات انتہائی مقدس ہے، فیض قبول کرنے کیلئے مناسبت شرط ہے جیسے عادۃ اللہ ہے اسلئے ایک ایسی ذات کا واسطہ ضروری ہے جو تجرد و تعلق اور کدورتوں سے منزہ ہو اور مخلوق میں شامل بھی ہو تاکہ ایک حیثیت سے فیض لے اور ایک حیثیت سے فیض دے حواشی بیضاوی

کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ قوت عطا فرمائی تھی اور ان کی طبیعت میں اس قدر نورانیت اور صفائی تھی کہ قریب تھا کہ منہ سے کچھ کہے بغیر فیض انوار تقسیم فرمادیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف ملائکہ بھیجے اور بلند مرتبہ حضرات سے بلا واسطہ کلام فرمائی چنانچہ حضرت موسےٰ علیہ السلام سے کوہِ طور پر سرور دو عالم شب اسریٰ کے دولہا حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معراج کی رات گفتگو فرمائی ہمارے جسم میں اس کی نظیر یوں سمجھے کہ چونکہ ہڈی اور گوشت میں بہت دُوری ہے (کیونکہ ہڈی سخت اور گوشت نرم ہے) اور ہڈی گوشت سے غذا نہیں حاصل کر سکتی اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کاملہ سے ان کے درمیان نرم ہڈی پیدا کردی تاکہ وہ گوشت سے غذا حاصل کرے اور سخت ہڈی کو دے (کلام بیضاوی ختم)
میں کہتا ہوں کہ ارشاد باری تعالیٰ قل انما انا بشر مثلکم میں مثلکم سے مراد تمام امور میں یکسانیت نہیں اس لئے کہ مسلم شریف میں حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صوم وصال (شب و روز روزہ رکھنے سے منع فرمایا) ایک صحابی نے عرض کی یا رسول اللہ آپ خود تو صوم وصال رکھتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں مجھ جیسا کون ہے؟ مجھے تو میرا رب کھلاتا اور شراب محبت پلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے بارے

عن قبول فيضه وتلقى امره بغير وسط ولذا لم يستنبئ ملكا كما قال الله ولو جعلناه ملكا لجعلناه رجلا الا ترى ان الانبياء عليهم السلام لما فاقت قوتهم واشتعلت قريحتهم بحيث يكاد زيتها يضيئ ولو لم تمسسه النار ارسل اليهم الملائكة ومن كان منهم اعلى رتبة كلمه بلا واسطة كما كلم موسى عليه السلام في الميقات ومحمدا عليهما السلام ليلة المعراج ونظير ذالك في الطبيعة ان العظم لما عجز عن قبول الغذاء عن اللحم لما بينهما من التباعد جعل البارى تعالى بحكمته بينهما الغضروف المناسب لهما ليأخذ من هذا ويعطي ذالك انتهى ثم اقول ليس المراد من المثلية في قوله تعالى قل انما انا بشر مثلكم المثلية في جميع الامور لما ورد في حديث مسلم عن ابي هريرة رضي الله تعالى عنه قال نهى رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم عن الوصال فقال رجل من المسلمين فانك يا رسول الله تواصل قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم وايكم مثلي ابيت يطعمني ربي ويسقيني وقال تعالى في شان ازواج النبي صلى الله تعالى عليه وسلم

میں فرماتا ہے اے نبی کی بیبیو! تم دوسری عورتوں جیسی نہیں ہو جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات جیسی کوئی عورت نہیں صرف اس وجہ سے کہ انہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نسبت ہے، تو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم جیسا کون ہو سکتا ہے۔ اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ؎

تیرے خُلق کو حق نے عظیم کہا تیری خَلق کو حق نے جمیل کیا — کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالقِ حسن و ادا کی قسم
ترا مسند ناز ہے عرش بریں ترا محرم راز ہے روح امیں — تو ہی سرور ہر دو جہاں ہے شہا ترا مثل نہیں ہے خدا کی قسم

چوتھا شبہ مخالفین عام طور پر اس شخص کو مغالطہ دینے کی کوشش کرتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف کرتے ہوئے آپ کو نور کہہ دیتا ہے یا آپ کی عظمت شان، رفعت مقام اور دربار الٰہی میں آپ کی عزت کو بیان کرتا ہو وہ مغالطہ یہ ہے کہ بخاری شریف میں حدیث شریف ہے کہ تم میری تعریف میں اس طرح مبالغہ نہ کرو جس طرح عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی تعریف میں مبالغہ کیا میں تو اللہ تعالیٰ کا بندہ و مکرم ہوں، تم مجھے اللہ تعالیٰ کا مقبول ترین بندہ اور اس کا رسول کہو۔

جواب حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ میری تعریف میں اتنا مبالغہ نہ کرو کہ وہ جھوٹ کی حد کو پہنچ جائے علامہ خفاجی نے شرح شفا میں علامہ ہروی سے نقل کرتے ہوئے

يا نساء النبي لستن كاحد من النساء فاذا لم يكن بين نساء النبي صلى الله تعالى عليه وسلم وبين نساء العالمين مماثلة فكيف يماثل احد للنبي صلى الله تعالى عليه وسلم **الشبهة الرابعة** ومن مغالطاتهم التي تكثر ورودها على كل من يمدح النبي صلى الله تعالى عليه وسلم بالنور وغير ذالك من جلالة قدره وعلو مرتبته ووجاهته عند الله تعالى الاعتراض بحديث البخاري لا تطروني كما اطرت النصارى ابن مريم انما انا عبد فقولوا عبد الله ورسوله۔

فالجواب ان المراد من الاطراء المبالغة في المدح بحيث يصل الى حد الكذب ذكر العلامة الخفاجي في شرح الشفاء ناقلا عن الهروي الاطراء مجاوزة الحد في المدح والكذب فيه [illegible]

حدیث کا معنی یہ بیان کیا ہے کہ مدح میں حد سے تجاوز اور جھوٹ ناجائز ہے ورنہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کی تعریف ہر شخص کو کرنی ضروری ہے ممنوع یہ ہے کہ ایسی تعریف کی جائے جو آپ کی شان کے لائق نہ ہو
اسی لئے تو آپنے فرمایا کہ اس طرح میری تعریف میں مبالغہ نہ کرو جس طرح عیسائی ابن مریم کی تعریف
میں کرتے ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ عیسے علیہ السلام خدا کے بیٹے ہیں اور اسی قسم کی دوسری ناجائز باتیں
یہی بات علامہ بوصیری قدس سرہ نے فرمائی ہے ۔ چھوڑ دو وہ دعوی جس کے عیسائی مدعی
ہیں پھر جو چاہو اسے زیبا ہو اللہ کی قسم ۔ علماء عربیہ کا قاعدہ ہے کہ جب کلام مقید پر نہی وارد ہو تو وہ نہی قید کی
طرف راجع ہوتی ہے جیسے کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاریٰ (تم نشے کی حالت میں نماز
کے قریب نہ جاؤ) جس طرح آیت مبارکہ کا معنی یہ نہیں کہ تم بالکل نماز کے قریب نہ جاؤ بلکہ معنی یہ ہے کہ نشے
کی حالت میں نماز کے قریب نہ جاؤ (در حقیقت نشے سے ممانعت ہے) اسی طرح حدیث مذکور میں مطلقاً تعریف میں
مبالغہ کرنے سے ممانعت نہیں بلکہ جیسے عیسے علیہ السلام کی شان میں عیسائیوں نے مبالغے کیطرح مبالغے سے منع کیا
گیا ہے عیسائیوں کا قول ہے کہ عیسے علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں اسی قسم کے اور بہت سے خرافات ہیں ۔

پانچواں شبہ :۔ تم کہتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور ہیں حالانکہ قرآن مجید میں ہے "اللہ نور السموات والارض"
تمہارے قول پر شرک لازم آجائیگا کیونکہ اللہ تعالیٰ نور ہے اور تم حضور کو بھی نور مانتے ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات
میں کوئی اسکا شریک نہیں ہو سکتا ہمیں بتایئے کہ "اللہ نور السموات والارض" پوری آیہ مبارکہ کا کیا معنی ہے

الحدیث فقد علمت ان الذی قالہ النووی معنی الحدیث وھو مانعو من الطراء ومدحہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مطلوب من کل احد
والمنہی انما ھو ما لا یلیق بہ ولذا قال کما اطرت النصاریٰ ابن مریم فانھم قالوا فیہ انہ ابن اللہ وغیرہما مما ھو کفر فیہ وھذا
کقول البوصیری رحمہ اللہ تعالیٰ ۔ دع ما ادعتہ النصاریٰ فی نبیہم + واحکم بما شئت مدحا فیہ واحتکم ۔ ثم اقول المشہور عند
علماء العربیۃ ان النھی اذا ورد علی کلام مقید فیرجع ذالک الی القید کما فی قولہ تعالیٰ لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاریٰ فکما لیس
المراد فی الآیۃ النہی عن قربان الصلوٰۃ مطلقا کما لا یخفی بل عن القربان فی حالۃ السکر کذالک لیس المراد فی الحدیث
المذکور النہی عن الاطراء مطلقا بل النہی عنہ الاطراء مثل اطراء النصاریٰ فی شان عیسیٰ علیہ السلام حیث قالوا
ھو ابن اللہ وغیر ذالک من الخرافات فافھم الشبہۃ الخامسۃ فان قیل اذا قلتم ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم نور مع انہ ثبت بنص کتاب اللہ نور السموات والارض فیلزم الشرک علی قولکم واللہ لا
شریک لہ شیء فی ذاتہ ولا فی صفاتہ فما معنی قولہ تعالیٰ اللہ نور السموات والارض الآیۃ

جواب :۔ مذکورہ بالا آیہ مبارکہ کی تفسیر میں قاضی بیضاوی فرماتے ہیں ۔ نور در اصل وہ کیفیت ہے کہ آنکھ پہلے
اس کا ادراک کرتی ہے اور اسکے واسطے سے باقی نظر آنے والی چیزوں کو دیکھتی ہیں مثلاً وہ کیفیت اور روشنی جو
چاند اور سورج کے مقابل کثیف جسموں پر پڑتی ہے نور کا اس معنی کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ پر اطلاق اسی وقت
درست ہو سکتا ہے جبکہ مضاف محذوف نکالا جائے جیسے کہ زید کو کرم کہا جائے معنی صاحب کرم یا مجازی
معنی مراد لیا جائے اور معنی یوں کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کو منور فرمانے والا ہے ایک قراءت
میں بھی "منور السموات والارض" کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارض وسما کو ستاروں اور انکی روشنی سے منور فرمایا
یا اسکے جیسے کہ ملائکہ اور انبیاء کے ذریعے زینت بخشی اسکے علاوہ بھی انہوں نے تاویلیں ذکر کیں جلالین میں بھی یہی
معنی بیان کیا سید سلیمان جمل حاشیہ جلالین میں فرماتے ہیں کہ نور کی تاویل اسم فاعل سے اس لئے کی کہ نور
در حقیقت ایک کیفیت اور عرض ہے جس کا آنکھ سے ادراک کیا جاتا ہے اس لئے اس کا ذات باری
تعالیٰ پر حمل درست نہیں امام محی السنہ "معالم التنزیل" میں فرماتے ہیں یہ ایک تمثیل ہے اس کے معنی میں اہل علم کا اختلاف
ہے بعض علماء نے فرمایا کہ یہ نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کی تمثیل ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ
تعالیٰ عنہما نے حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا مجھے ارشاد باری تعالیٰ مثل نورہ کمشکوٰۃ کے متعلق
بتایئے حضرت کعب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مثال بیان فرمائی ہے چنانچہ
مشکوٰۃ سے آپکا سینہ مبارک اور زجاجہ سے دل شریف اور دل میں مصباح سے مراد معنوی نبوت ہے جو کہ نبوت

قلنا ذکر القاضی البیضاوی فی تفسیر قولہ تعالیٰ المذکور النور فی الاصل کیفیۃ تدرکھا الباصرۃ اولا وبواسطتھا
سائر المبصرات کالکیفیۃ الفائضۃ من النیرین علی الاجرام الکثیفۃ المحاذیۃ لھما وھو بھذا المعنی لا یصح اطلاقہ
علی اللہ تعالیٰ الا بتقدیر مضاف کقولک زید کرم بمعنی ذو کرم او علی تجوز اما بمعنی منور السموات والارض وقد قری بہ فانہ
تعالیٰ نورھا بالکواکب وما یفیض عنہا من الانوار او بالملائکۃ والانبیاء وذکر غیر ذالک من التاویلات وکذا
قال فی الجلالین ای منورھما بالشمس والقمر قال السید سلیمان الجمل انما اولہ باسم الفاعل لان
حقیقۃ النور کیفیۃ ای عرض یدرک بالبصر فلا یصح حملہ علی الذات الاقدس وقال الامام محی السنۃ
فی معالم التنزیل اختلف اھل العلم فی معنی ھذا التمثیل فقال بعضھم وقع ھذا التمثیل لنور محمد صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم قال ابن عباس لکعب الاحبار اخبرنی عن قولہ تعالیٰ مثل نورہ کمشکوٰۃ فقال کعب ھذا مثل ضربہ اللہ
لنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فالمشکوٰۃ صدرہ والزجاجۃ قلبہ والمصباح فیہ النبوۃ توقد من شجرۃ مبارکۃ ھی شجرۃ النبوۃ یکاد نور محمد

کہ شجر مبارک سے روشن ہے حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معاملہ اگرچہ آپ گویا نہ فرمائیں کہ میں نبی ہوں تاہم واضح ہوا چاہتا ہے جیسے صاف وشفاف زیتون کا تیل آگ کے چھوئے بغیر روشن ہوا چاہتا ہے حضرت سالم حضرت ابن عمر رضے اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی ہیں کہ اس آیت میں مشکوٰۃ سے مراد نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بطن اقدس ہے اور مصباح وہ نور ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس بطن شریف میں رکھدیا لاشرقیۃ ولاغربیۃ یعنے نہ یہودی تھا اور نہ عیسائی انہیں شجر مبارک حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ضیا ملتی ہے نور علی نور یعنے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کی دونوں جمع ہوگئے محمد بن کعب قرظی نے اس آیت کا معنے یوں بیان کیا کہ مشکوٰۃ سے مراد ابراہیم علیہ السلام اور زجاجہ سے اسمٰعیل علیہ السلام اور مصباح سے مراد نبی اکرم نور مجسم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام مصباح رکھا جیسے کہ آپکو سراج منیر فرمایا اور شجرہ مبارکہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام مراد ہیں آپ کو مبارک اس لئے کہا کہ اکثر انبیا آپکی پشت سے ہیں لاشرقیۃ ولاغربیۃ سے مراد یہ ہو کہ ابراہیم علیہ السلام نہ یہودی تھے اور نہ عیسائی بلکہ حنیف مسلمان خدا پرست تھے کیونکہ یہودی مغرب کیطرف منہ کرکے نماز پڑھتے ہیں اور عیسائی مشرق کیطرف یکاد زیتہا یضیئ ولو لم تمسسہ نار کے معنے یہ ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوبیاں قبل از وحی لوگوں پر آشکارا ہوگئی تھیں نور علی نور یعنے نبی اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی ہیں اور نبی یعنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے ہیں انتہی کلام المعالم یہ تمام نقول ہمارے قول کی تائید کرتی ہیں اور شرک لازم نہیں آتا کیونکہ نور کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر مجاز ہے جیسے کہ تفصیلاً مذکور ہوا یہ آخری فوائد ہیں جنہیں ہم نے جمع کیا اور وہ تمام جمع ہیں جنہیں ہم نے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم معتبر کتابوں سے نقل کیا اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کے ذریعے ہدایت کے متلاشیوں اور راہ راست پر چلنے والوں کو اپنے حبیب کریم نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کی آل پاک کے طفیل نفع عطا فرمائے۔ (عبدالحق بن میر محمد جابری نسباً نور (؟) نقشبندی مسلکاً حنفی مذہباً چشتی مشرباً عفی الحق عنہ)

وامر يتبين للناس ولو لم يتكلم انه نبي كما يكاد ذالك الزيت يضيئ ولو لم تمسسه النار وروى سالم عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهم في هذه الاية قال المشكوة جوف محمد والمصباح النور الذي جعله الله فيه لا شرقية ولا غربية لا يهودي ولا نصراني توقد من شجرة مباركة ابراهيم نور على نور قلب ابراهيم ونور قلب محمد صلى الله تعالى عليه وسلم وقال محمد بن الكعب القرظي المشكوة ابراهيم والزجاجة اسمعيل والمصباح محمد صلوات الله عليهم اجمعين سماه مصباحا كما سماه سراجا منيرا فقال الله تعالى وسراجا منيرا توقد من شجرة مباركة وهي ابراهيم سماه مباركة لان اكثر الانبياء من صلبه لا شرقية ولا غربية يعني ابراهيم لم يكن يهوديا ولا نصرانيا ولكن كان حنيفا مسلما لان اليهود تصلي قبل المغرب والنصارى قبل المشرق يكاد زيتها يضيئ ولو لم تمسسه نار تكاد محاسن محمد صلى الله تعالى عليه وسلم تظهر للناس قبل ان يوحى اليه نور على نور نبي من نسل نبي نور محمد على نور ابراهيم انتهى فهذه النقول كلها تؤيد قولنا ولا يلزم الشرك لان اطلاق النور على الله تعالى على سبيل المجاز فافهم هذا اخر ما جمعناه من النقول التي التقطناها من الكتب المعتبرة بعون الله تعالى واسئله ان ينفع بها الطالبين الراشدين بحرمة ... (؟) وانا العبد الحقير عبد الحق بن مير الجابري نسبا النقشبندي مسلكا الحنفي مذهبا والچشتي مشربا عفا الله عنه ...

(مطبوعہ لاہور آرٹ پریس انارکلی لاہور)